# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 18 اپریل 2011 بمطابق 14 جمادی الاوّل 1432 ہجری سہ پہر تین بجکر اڑتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَO وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرّٰكِعِينَO" أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتٰبَ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَO وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۚ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخٰشِعِينَO الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ مُلٰقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رٰجِعُونَ۔

(ترجمہ): اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ، اور سچی بات کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ۔ اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (خدا کے آگے) جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔ (یہ) کیا (عقل کی بات ہے کہ) تم لوگوں کو نیکی کرنے کو کہتے ہو اور اپنے تئیں فراموش کئے دیتے ہو، حالانکہ تم کتاب (خدا) بھی پڑھتے ہو۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور (رنج و تکلیف میں) صبر اور نماز سے مدد لیا کرو اور بے شک نماز گراں ہے، مگر ان لوگوں پر (گراں نہیں) جو عجز کرنے والے ہیں۔ اور جو یقین کئے ہوئے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ وآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ 'کوئسچنز آور' ۔

جناب عتیق الرحمان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' ، 'کوئسچنز آور' کے بعد جو بھی ہے، جی۔

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: محترمہ نور سحر بی بی۔

جناب عتیق الرحمان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' کے بعد جی۔

* 19 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر اعلیٰ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ایڈمنسٹریشن نے نئی گاڑیاں خریدی ہیں اور مختلف محکمہ جات اور وزراء صاحبان میں تقسیم کی گئی ہیں؛

(ب) گزشتہ پانچ سالوں میں جن محکمہ جات کے افسران اور وزراء صاحبان کو جو مذکورہ گاڑیاں دی گئی ہیں، ان کی حوالگی کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) محکمہ کے پاس کتنی گاڑیاں خراب حالت میں ہیں اور کتنی گاڑیاں نیلامی کے منتظر ہیں، نیز خرابی کی وجوہات بھی بتائی جائیں؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، محکمہ انتظامیہ مختلف محکمہ جات کے افسران کو نئی گاڑیاں ٹرانسپورٹ کمیٹی رپورٹ 2005 میں منظور شدہ استحقاق کے مطابق خرید کر فراہم کرتا ہے اور اسی طرح وزراء صاحبان کو بھی ان کے استحقاق کے مطابق گاڑیاں فراہم کی جاتی ہیں۔

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران سرکاری افسران اور وزراء صاحبان کو فراہم کردہ گاڑیوں کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(ج) محکمہ انتظامیہ کے پاس اس وقت کوئی گاڑی خراب حالت میں نہیں ہے جبکہ سرکاری گاڑی کی خرابی کی صورت میں مروجہ طریقہ کار اور اصولوں کے تحت اس کی مرمت وغیرہ کی جاتی ہے۔ حال ہی میں نیلامی کے منتظر تمام گاڑیوں کو چیئرمین نیلامی کمیٹی کی سربراہی میں کمیٹی میں قواعد وضوابط کے تحت شفاف طریقے پر نیلام کر دیا گیا ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?
Ms. Noor Sahar: Yes, Speaker Sahib.

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب،اس میں میرا ایک سپلیمنٹری یہ ہے کہ جو وزراء کا ہم نے پوچھا ہوا ہے،ان کی لسٹ انہوں نے فراہم نہیں کی ہے۔افسران کی لسٹ تو فراہم کر چکے ہیں لیکن وزراء کی لسٹ اس میں موجود نہیں ہے۔دوسرا کوئسچن میرا یہ ہے کہ جو نیلامی سے انہوں نے انکار کیا ہے،ابھی بھی اسی(80) گاڑیاں موجود ہیں جو نیلامی کیلئے ہیں اور بہت سی گاڑیاں ہیں جو خراب حالت میں ہیں،ان کا ذکر انہوں نے کیوں نہیں کیا ہے؟

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی زمین خان صاحب۔

جناب محمد زمین خان: دیکبنے سر، دے جواب کبنے کہ مونږ اوګورو په سیریل نمبر9 باندے دوئ، One unit of Toyota Corolla XLI جی University of Science & Technology Bannu جی، نو زما دیکبنے ګزارش دا دے جی چه یره دا خو اټا نومس باډی ده نو اټا نومس باډی له چه کوم دے دوئ څنګه دا دغه ورکړے دے؟ هغوی خو پخپله باندے پرچیزز کوی۔

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ دوئ چه اوس دا نیلامی کړے ده، د دے دا پیسے کوم هیډ ته ځی جی؟ دا آیا ډیپارټمنټس بیا خپلو کبنے ورکوی او که نه دګورنمنټ، ټریژری یو هیډ ته ځی، هغه کوم هیډ ته دا پیسے ځی جی؟

Mr. Speaker: Honourable Law Minister, please.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): مهربانی سر۔ دا د دوئ، نور سحر بی بی چه کوم کوئسچنز دی، دا دواړه د ګاډو متعلق دی۔ هغه دویم کبنے ئے دغه ورکړی دی، بلکه په دیکبنے ورکړی دی سیریل نمبر31 باندے 30 units of Toyota Corolla, Provincial Ministers 12/09/2008 نو دا ئے ورکړی دی، ډیټیلز ئے ورکړی دی۔ منسټرز خو ټول دوئ پیژنی څوک دی، څوک نه دی؟ دا ګاډی

دی۔ تر څو پورے چه د زمین خان صاحب سوال شو نو یو څو Specific knowledge د دے ما ته نشته خو دا دوباره دوئ د فریش کوئسچن راوړی، دا به ښه وی ځکه چه د یو یو ګاډی ډیټیل ئے اوغوښتو او یا ډیپارټمنټ والا ناست دی، هغوی سره به کښینو او هلته به خبره اتره اوکړو، د دوئ چه کوم دے دا به هم جی که فریش کوئسچن مو اوکړو نو زیات به ښه وی یا به ډیپارټمنټ نه تپوس اوکړو۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، ډیپارټمنټ والا نه تپوس اوکړئ، دا څو به یو هیڈ لاندے ځی، خیر دے زه به ایسار شم۔

وزیر قانون: صحیح شوه، ټهیک شوه، بریک کښنے به دغه اوکړو جی، بریک کښنے به ئے Satisfy کړو۔

جناب سپیکر: جی تاسو بریک کښنے بیا ځان بریف کړئ نو دا د دے آنریبل ممبر Guidance, اوکړئ جی۔ محترمه نور سحر صاحبه Again، سوال نمبر12۔

* 12 _ محترمہ نور سحر: کیاوزیراعلیٰ صاحب ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ انتظامیہ نے مختلف افسران اور دیگر افراد کو گاڑیاں فراہم کی ہیں;

(ب) آیا غیر سرکاری افراد کو بھی گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں;

(ج) محکمہ کے پاس کل کتنی گاڑیاں موجود ہیں، گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کن محکمہ جات کو گاڑیاں دی گئی ہیں، گاڑیوں کے نمبر، افسر کا نام، حوالگی کی تاریخ فراہم کی جائے، نیز جن غیر سرکاری افراد کو گاڑیاں دی گئی ہیں، انکے نام اور تاریخ حوالگی کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، محکمہ انتظامیہ نے صرف سرکاری افراد کو گاڑیاں ٹرانسپورٹ کمیٹی رپورٹ 2005 میں منظور شدہ استحقاق کے مطابق فراہم کی ہیں اور دیگر افراد کو محکمہ ہذا کی طرف سے کوئی گاڑی فراہم نہیں ہوتی۔

(ب) جی نہیں، غیر سرکاری افراد کو محکمہ ہذا نے کوئی گاڑی سرکاری طور پر فراہم نہیں کی ہے۔

(ج) محکمہ ہذا کے پاس اس وقت ٹرانسپورٹ کمیٹی رپورٹ 2005 میں دیئے گئے استحقاق کے مطابق کل چھتر گاڑیاں موجود ہیں۔

گزشتہ پانچ سالوں کے دوران مختلف محکمہ جات کو فراہم کردہ گاڑیوں کی تفصیل فراہم کی گئی۔ جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا کہ غیر سرکاری افراد کو محکمہ انتظامیہ کی طرف سے کوئی گاڑی سرکاری طور پر نہیں دی گئی ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: یس سر۔ سر، اسمیں ان سے ایک یہ کوسچن ہے کہ جو یہ چھتر گاڑیاں انہوں بتائی ہیں، اسمیں آیا پروٹوکول کی گاڑیاں صوبائی سیکرٹریٹ، سی ایس اور اے سی ایس کی گاڑیاں موجود ہیں یا اس کے علاوہ انہوں نے ڈیٹیل دی ہے؟ دوسرا یہ ہے کہ وہ صاحبان جو نوکری سے Terminate ہو چکے ہیں، ابھی تک ان کے پاس گاڑیاں موجود ہیں جس کی ڈیٹیل انہوں نے نہیں دی ہے اور ابھی بھی ان کی لسٹ میرے پاس موجود ہے، لمبی چوڑی لسٹ ہے۔ ان سے انہوں نے گاڑیاں واپس کیوں نہیں لی ہیں؟ اگر نہیں لی ہیں تو ان کے پاس ابھی تک گاڑیاں کس قانون کے تحت، رولز کے تحت موجود ہیں؟ تیسرا کوسچن یہ ہے کہ اے آئی جی ٹیلی کام کے پاس، سٹاف ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے پاس، لاء کے پاس، پبلک سروس کمیشن کے پاس اور ٹریفک کے پاس اپنے محکموں کی اتنی گاڑیاں موجود ہیں اور اسکے باوجود انہوں نے اتنی گاڑیاں ان کو Provide کیں کہ جس کی حد نہیں ہے۔ آیا ان کے پاس اپنی گاڑیاں اتنی موجود ہیں تو آپ لوگوں نے اتنی گاڑیاں ان کو کیوں دی ہیں؟

جناب سپیکر: نور سحر! جو لسٹ آپ بتا رہی ہیں، وہ ادھر لے آئیں، ادھر پیش کریں جی۔

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی زمین خان۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: او دریږه ده پسے۔

جناب محمد زمین خان: دیکښے زما ګزارش دا دے چه دوئ په دے خپل جواب کښے لیکی، په دے (ج) جز کښے جی: "محکمہ ہذا کے پاس اس وقت ٹرانسپورٹ کمیٹی رپورٹ 2005 میں دیئے گئے استحقاق کے مطابق کل چھتر گاڑیاں موجود ہیں" نو دیکښے زما ګزارش دا دے چه آیا دا چھتر ګاډی د دوئ سره په پول کښے دی او که نه دا د دے کوم چه Entitle خلق دی، د هغوی سره دی؟ ځکه چه که فرض کړه دا په پول کښے وی خو ٹھیک خبره ده، که نه وی نو دا دوئ چه کوم اعداد وشمار ورکړے دے۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: جی، جی۔

جناب محمد زمین خان: نو دیکبنے خو دا 30 یونٹس دوئ چه کوم دے په 2008 کبنے منسټرانو له ورکړی دی او دا 33 ئے ورکړی دی سیکرټریانو ته، دواړه چه دغه کړو نو 66، 63 خو دا صرف جوړیږی، که دا ټول یو کړو نو په سوؤنو ګاډی جوړیږی، نوآیا دا جواب ئے ټهیک دے که نه دا په پول کبنے ولاړ دی؟ دیکبنے په دے فرق باندے زه پوهه نه شوم۔

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر ذاکر اللہ صاحب، سپلیمنٹری سوال؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: دے (ب) جز کبنے دوئ وائی:"آیا غیر سرکاری افراد کو بھی گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں؟" وائی "جی نہیں، غیر سرکاری افراد کو محکمہ ہذا نے کوئی گاڑی سرکاری طور پر فراہم نہیں کی۔" دا کوم سوال چه مخکبنے تیر شو جی، په دیکبنے ساتھ نمبر باندے لیکی چه Widow of late Mr. Muhammad ،One unit of Toyota Corolla XLI Asif Khan۔ زه وایمه چه دا Widow هم Entitle ده او که نه؟ د دے څه Justification د راته منسټر صاحب لږ مخے ته کړی۔

Mr. Speaker: Honourable Minister, Law Minister Sahib.

وزیر قانون: مهربانی سر۔ ترڅو پورے نور سحر بی بی د سوال ضمنی سوال دے نو یا خو لسټ د مونږ ته هم Provide کړی، که داسے کسان وی بالکل به ئے تپوس کوؤ خو کوم ریکارډ چه ما سره دے، د هغے مطابق دا چه کوم د ټرانسپورټ کمیټئ رپورټ 2005 دے، هغے کبنے چه کوم Entitlements mention دی، د هغے مطابق آفیسرز ته ایډمنسټریشن ډیپارټمنټ ګاډی ورکړی دی۔ که د هغے نه علاوه د دوئ په نالج کبنے وی، بالکل راوړئ او مونږ به ئے تپوس کوؤ او Recover کوؤ به ئے ترے او خلق به هم Penalize کوؤ که چا داسے کړی وی۔ تر څو پورے دا خبره شوه جی، دا سوال اوشو چه یره Mrs. of Late Asif Khan، دا جی سی ایم سیکرټریټ کبنے د دوئ سول سرونټ وو، ډی ایم جی افسر وو او During service وفات شو نو بیا چه کوم حکومت یو دغه ورسره کړے ده، مهربانی ورسره کړے ده چه یره څه وخت د پاره د بچو د پاره یو ګاډے Provide

کړے دے خو هغه هم Definitely د دغه د لاندے کړے دے ورته، هغے له ئے خپل طریقه کار جوړ کړے دے او During service وفات شوے دے۔

جناب سپیکر: وہ لسٹ مجھے نہیں پہنچی۔

جناب محمد زمین خان: زسرا! زما د کوئسچن جواب ئے رانکړو چه آیا دا چهتر ګاډی په پول کښے دی او که نه دا۔۔۔۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر: جی، لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: دا پول والا ګاډی دی جی۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: زه وایمه چه دا مهربانی مخصوص په یو کس، په Widow باندے شوے ده او که نه دوران سروس نور خلق چه وفات شی نو دا مهربانی د هغوی سره هم کیدے شی جی؟ پکار ده چه هغه ټولو سره بیا اوشی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔

Ms. Noor Sahar: Speaker Sir, Speaker Sir.

جناب سپیکر: پہلے میری رولنگ آپ پڑھ لیں، میں نے بتایا کہ مجھے لسٹ دے دیں۔

محترمہ نور سحر: سر، ایک دو دن مجھے دیں، یہ لسٹ میں Provide کر دوں گی، میں آپ کو لسٹ، میں آپ کو لسٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو پھر فلور آف دی اسمبلی پر ایسی بات نہ کہیں جس کو آپ Logical end تک نہیں پہنچا سکتے۔

محترمہ نور سحر: سر، 1234 گاڑی رحیم خان کے پاس ہے، ابھی تک ان سے کیوں نہیں لی ہے؟

جناب سپیکر: ہں جی؟

محترمہ نور سحر: 1234 گاڑی رحیم خان کے پاس ہے جبکہ وہ سسپنڈ ہو چکا ہے۔ آٹھ، دس مہینے سے ابھی تک وہ گاڑی واپس کیوں نہیں لی گئی ہے؟ (قہقہے، تالیاں)

جناب سپیکر: جی، آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں بھی اس سلسلے میں ایک بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: نگہت بی بی! پہلے سوال، پھر خیر ہے، جی بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، بہت شکریہ آپ کا کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ جس طریقے سے نور سحر بی بی نے بتایا کہ ایک گاڑی جو ہے تو وہ ایک ریٹائرڈ افسر کے پاس نو دس مہینوں سے موجود ہے، (محترمہ نور سحر رکن اسمبلی سے) ایسی بات ہے نا؟

محترمہ نور سحر: نہیں وہ سسپنڈ، سسپنڈ ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: Terminate ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Terminate ہو چکا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کو یہاں پر بہت سے ایسے آفیسرز کے نام اور ایسے بہت سے لوگوں کے نام بتا سکتی ہوں کہ جو گھروں میں بیٹھ چکے ہیں اور جن کو دس دس مہینے، بارہ بارہ مہینے ہو چکے ہیں، سال گزر گئے ہیں، نہ تو ان سے گھر واپس لیا جاتا ہے، نہ ان سے گاڑی واپس لی جاتی ہے اور نہ ہی اگر ان کو کوئی گارڈز وغیرہ دیئے جاتے ہیں جو ہمارے صوبے میں اس وقت جتنے گارڈز کی ضرورت ہے، پولیس کی ضرورت ہے لیکن جو آفیسرز چلے جاتے ہیں تو وہ اپنے ساتھ کم از کم دو دو، تین تین جو Policemen ہیں، وہ بھی رکھتے ہیں، گاڑیاں بھی رکھتے ہیں، ان کا پیٹرول بھی ان کو وہاں سے باقاعدگی سے ملتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، نور سحر بی بی کے اس سوال کو میں بہت زیادہ Appreciate بھی کرتی ہوں اور میں سمجھتی ہوں کہ اس کو فلور پر لا کر انہوں نے اس پورے خیبر پختونخوا کے غریب لوگوں کے ساتھ ایک انصاف کیا ہے، تو اس کو اچھے طریقے سے میرا خیال ہے کہ جواب بھی دینا چاہیئے اور آنریبل منسٹر صاحب کچھ یقین دہانی کروائینگے۔ مہربانی۔

محترمہ نور سحر: سر، اس کو کمیٹی کے حوالے کریں جی۔

جناب سپیکر: ریفر، کمیټۍ ته ئے ریفر کړو؟

وزیر قانون: داسے ده سر چه دوئ خو اوس په فلور آف دی هاؤس دا خبره اوکړه، که مخکښے ئے کړے وے، نو مونږ به جی ډیپارټمنټ سره کښینو، I canvass, assure the House که داسے غلطو خلقو سره یا هغه خلق چه کوم Entitle نه دی، مونږ به Immediately ترے Recovery کوؤ، انشاء الله Within days، دوئ ئے نوم ښودلے دے You should be open about it، هاؤس کښے واخلئ چه یره بهئ داسے چا سره وی، بالکل هغوی نه به ریکوری کوؤ. که داسے واقعی چا سره وی، نومونه واخلئ، دا خو پبلک پراپرټی ده، No body has a

right to abuse it، بالکل اخلئ، پکار ده چه پته لگی چه مونږ واپس به ئے ترے اخلو، انشاءاللہ۔ (تالیاں)

<u>محترمہ نور سحر:</u> سپیکر صاحب، ډیپارټمنټ پخپله ایکشن ولے نه کولو چه ما اووئیل نو دوئ به اوس ایکشن کوی، آیا دوئ پخپله دا ایکشن بغیر وینا نه نه کوی؟

<u>جناب سپیکر:</u> بی بی! اب یہ جو آپ نے اتنی بڑی بات، اتنا ایشو فلور پر لے آیا ہے تو اس کی لسٹ مجھے Kindly provide کریں اور یہ پبلک پراپرٹی ہے، اس کا کسی طرح سے غلط استعمال نہیں ہوگا۔

<u>محترمہ نور سحر:</u> سر، اس کو آپ کمیٹی کے حوالے کریں، میں وہاں یہ لے آؤں گی۔ سر، اس کو آپ پلیز ریفر کر لیں، اس میں اور بھی بہت کچھ ہے سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> کمیٹی میں، میں آپ کو ایک بات بتاؤں، کمیٹی کے پروسیجر میں یہ ہے کہ کوئسچن پر کتنے آپ لوگ Insist کرتے ہیں کہ کمیٹی کو بھیج دیں، کمیٹی کو بھیج دیں، جب کمیٹی کو چلا جاتا ہے تو مجھے جو Progress آتی ہے کہ ممبر Satisfy ہو جاتا ہے، آپ ادھر Satisfy نہیں ہوتے، آپ لوگ کمیٹی میں جاکر Satisfy ہو جاتے ہیں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر، آپ نے یہ بالکل ٹھیک کہا اور یہ میں آپ سے Agree کرتی ہوں۔ اس سے پہلے بھی آپ نے کمیٹیز کو کوئسچنز ریفر کئے اور اسمیں چار پانچ سوال ایسے ہیں جو کہ یہاں پر میرے محترم عباسی صاحب نے اسلحے کے متعلق کئے تھے اور جب ہم لوگوں نے اس پر انکوائری کی، جب ہماری کمیٹی میں وہ سوال آیا تو ممبر غائب اور اس نے کہا جی Satisfied۔ جناب سپیکر صاحب، ایک سوال پر کتنے ہی لاکھوں روپے ہمارے لگتے ہیں، آپ ان لوگوں کے سوال پھر کمیٹی کو بھیجوائیں ہی نہ دوسری دفعہ جبکہ وہ یہ ایک دفعہ کہہ دیں کہ ہم Satisfy ہیں جناب۔

<u>جناب سپیکر:</u> بالکل، ابھی مجھے خود بھی یقین ہو چکا ہے کہ میری اسمبلی کا کافی خرچہ بھی ہوتا ہے، وقت بھی ضائع ہوتا ہے تو جو رولنگ میں دے دوں، اس پر آپ بھی Satisfy ہو جائیں۔ اس کی لسٹ ہمیں دے دیں، اس پر Proper action لیا جائے گا۔ شکریہ۔ نور سحر بی بی، Again نور سحر۔

<u>Ms. Shazia Tehmas Khan:</u> Speaker, Sir.

<u>جناب سپیکر:</u> وہ کوئسچن بس چلا گیا، بس ختم۔

<u>محترمہ شازیہ طہماس خان:</u> سر، اس کوئسچن سے Related میرا ابھی ایک کوئسچن ہے کیونکہ اگر اس قسم کی ذاتیات ہونگی تو میں بھی پھر اس پر بات کروں گی۔

جناب سپیکر: ٹھیک، ٹھیک۔ سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: سر بل نشتہ زما ، بس د مفتی کفایت اللہ صاحب کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: نشتہ بل د دوئ۔ مفتی کفایت اللہ صاحب سوال نمبر 27۔

* 27 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) بینک آف خیبر قرضوں کا اجراء کرتا ہے تو مذکورہ بینک کے یوم آغاز سے لیکر تاحال جن افراد کو قرضے دیئے گئے ہیں، ان کی تفصیل بمعہ رقم فراہم کی جائے؛

(ب) بینک آف خیبر قرضے بھی معاف کرتا ہے تو مذکورہ بینک کے قیام سے لیکر تاحال جن افراد و اداروں کے قرضے معاف کئے گئے ہیں، اس کا میزانیہ کتنا ہے اور معاف کئے گئے افراد واداروں کی مکمل تفصیل بمعہ نام، پتہ، قومی شناختی کارڈ نمبر، معاف شدہ رقم، قرض لینے اور معاف کرنے کی تاریخ فراہم کی جائے اور آپریشن سے متاثرہ علاقوں کی فہرست بھی الگ فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، 31 دسمبر 2010 تک

واجب الادا رقم 21 ارب، 27 کروڑ، 20 لاکھ، 33 ہزار روپے۔

منظور شدہ قرضہ 50 ارب، 87 کروڑ، 45 لاکھ، 30 ہزار روپے۔

کل کھاتہ دار 46 ہزار 5 سو۔

بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 کی دفعہ 33A(1) کے تحت کھاتہ داروں کی تفصیل فراہم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ مذکورہ تفصیلات کی فراہمی صرف سٹیٹ بینک کی اجازت سے ہی ممکن ہے۔ سیکشن 33A کے مندرجات درج ذیل ہیں:

“Section 33A of the Banking Companies Ordinance specifically prohibits the bank to provide confidential information regarding their clients to other institutions unless the same is warranted to such institutions under the provisions of law being entrusted upon them.”

(ب) جی ہاں۔ اداروں کی تفصیلات فراہم کی گئیں۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: بہت شکریہ جناب سپیکر۔ یہاں میں نے ان سے سوال کیا ہے کہ کیا آپ نے قرضے معاف کرائے ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ جی، تو اس کے جواب میں کوئی اظہر الحق بٹ ولد مظفر الحق بٹ

صاحب ہیں جن کو قرضہ معاف کیا ہے 445 ملین، اگر میں ٹھیک ہوں اور غلط نہیں ہوں تو یہ ساڑھے چار ارب روپے بنتا ہے۔

خاتون رکن: یہ کون ہے، یہ کون ہے ؟

مفتی کفایت اللہ: اب ایک آدمی کو ساڑھے چار ارب روپے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: چوالیس کروڑ، پھر بھی بڑی اماؤنٹ ہے جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پھر بھی بہت بڑی اماؤنٹ ہے۔

جناب سپیکر: پھر بھی بڑی اماؤنٹ ہے۔

مفتی کفایت اللہ: بڑی چیز ہے، چوالیس، نہیں یہ 445 ملین روپیہ ہے۔ یہ 445 ملین روپے ایک آدمی کو معاف کیا گیا ہے اور کل میزانیہ جو ہے، وہ 491 ہے۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ چار لوگوں کو قرضے معاف کئے گئے ہیں اور ایک آدمی کو اتنا قرضہ معاف کیا گیا ہے کہ اس کی مونچھیں داڑھی سے بہت زیادہ بڑھ گئی ہیں۔

Ms. Nighat Yasmin Orakzai: Yes.

مفتی کفایت اللہ: تو قابل احترام جناب سپیکر صاحب، ہم جو سوال کرتے ہیں، خالصتاً اصلاح کیلئے کرتے ہیں۔ مجھے وہ Criteria بتا دیا جائے کہ کب قرضہ معاف ہوتا ہے اور اتنی بڑی مچھلی کو جب ہم پکڑتے ہیں تو کیا یہ قرضہ دوبارہ قومی خزانے میں واپس آسکتا ہے یا نہیں اور یہ معاف کرنے کا اختیار کس کا ہے ؟ مجھے وزیر موصوف بتادیجیئے کس کی سفارش پر معاف ہو گیا؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اس میں ضمنی سوال ہے، جناب سپیکر۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، جناب سپیکر، سپلیمنٹری، سپلیمنٹری میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) Ji, one by one; one by one۔ عبدالاکبر خان! پہلے آپ، پھر اسکے بعد آپ۔ جی، سپلیمنٹری۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ انچاس کروڑ روپے میں چوالیس کروڑ روپے ایک ایسے شخص کو اور ایک ایسے انسٹی ٹیوشن کو جو اس صوبے سے تعلق ہی نہیں رکھتا، جو اس صوبے میں ہے ہی نہیں (تالیاں) اور یہ چوالیس، پینتالیس کروڑ روپے ایک فرم کو معاف کئے گئے ہیں اور اناسی کروڑ روپے اس کو قرضہ دیا گیا تھا، اس میں سے چوالیس کروڑ، تو پہلے ہمیں یہ بتایا جائے کہ جو باقی پیسے ہیں، یہ وصول کئے گئے ؟ جو اناسی کروڑ میں چوالیس کروڑ معاف کیا گیا ہے، اس کا مطلب ہے کہ اس نے قرضہ لیا تھا اناسی کروڑ، اناسی کروڑ کراچی کے ایک فرم کو جس کا صوبے کے ساتھ تعلق نہیں ہے، ہمیں یہ

بتایا جائے جناب سپیکر، کہ ایک تو باقی پیسے وصول کئے گئے ہیں یا نہیں؟اور دوسرا چوالیس کروڑ روپے ایک ایسے بینک سے جو ایک، مطلب ہے Established Bank، اتنا بڑا بھی نہیں ہے، اس صوبے کے عوام کا پیسہ ہے، وہاں پر کراچی میں آپ چوالیس کروڑ روپے معاف کرتے ہیں تو اس صوبے کے عوام کا پیسہ معاف کرتے ہیں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی نگہت بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، عبدالاکبر صاحب۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker:</u> Short, short; supplementary, supplementary.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جی بالکل، شارٹ جناب سپیکر صاحب، بالکل۔ جناب سپیکر صاحب، اس پر تو بہت زیادہ ڈیبیٹ ہونی چاہیئے کیونکہ ایک غریب صوبہ ہے، بہر حال آپ کے حکم کے مطابق میں یہ۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، آپ وہ کر لیں نا۔۔۔۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، میں نوٹس دیتا ہوں، نوٹس دیتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> ہں؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> نوٹس دیتا ہوں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> نہیں، میں یہ سوال، میں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نوٹس، بس ٹھیک ہے، بس نوٹس آگیا، اس پر ڈیبیٹ ہوگی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> سر یہ تو بات ہی نہیں ہے کہ جب ہم سوال کرنے کیلئے اٹھتے ہیں تو وہ آگے سے نوٹس دے دیتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> Written notice لے آئیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر لیکن بات یہ ہے، کل تک اس کو رکھ دیں، اس کو ڈسکشن کیلئے کل رکھ دیں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> ہاں جی، کل اگر آپ اس کو رکھ دیتے ہیں تو پھر ٹھیک ہے جناب سپیکر صاحب، ورنہ پھر ہمارے سوالوں کا، ضمنی سوالوں کا جواب دے دیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> پہلے Written notice تو دے دیں نا۔

<u>Ms. Nighat Yasmin Orakzai:</u> Written-----

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، میرا مقصد یہ ہے سر کہ یہ بہت Important case ہے اور سارے ممبران اس پر بولنا چاہتے ہیں۔

Ms. Nighat Yasmin Orakzai: Yes, Sir.

جناب سپیکر: پہلے گورنمنٹ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر اس میں، اس میں میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: گورنمنٹ کو پہلے سن لیتے ہیں کہ ان کی طرف سے کیا ہے؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں سر، میرا ضمنی کوسچن یہ ہے سر کہ یہ بٹ صاحب کو منگوا رہے ہیں، آخر یہ بٹ صاحب ہیں کون؟ (شور)

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): اگر سپیکر صاحب، مجھے ایک منٹ کیلئے سن لیں، ارکان میرے بھائی اگر ایک منٹ کیلئے سن لیں مجھے۔ نگہت بی بی! اگر بالکل آپ ایک منٹ ہمیں سن لیں، نوٹس آگیا ہے، تفصیلی جواب انشاءاللہ بعد میں ہوگا لیکن چونکہ اس قسم کی فضاء بن گئی ہے کہ پتہ نہیں کیا ہوگیا ہے؟ (مداخلت) نہ، نہ جی آپ سن لیں خیر ہے جی، پلیز پلیز، اس طرح ہے جی، یہ قرضہ جات جو ہیں، پلیز، پلیز، آپ سن لیں یہ 1996 میں سر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پہلے بات سنیں جی، بات سنیں اس کے بعد۔

وزیر قانون: خیر ہے جی، 1996 میں یہ قرضے جاری کئے گئے تھے، 2007 میں یہ قرضے معاف ہوئے ہیں، 2007 میں یہ قرضے معاف ہوئے ہیں۔ سن لیں جی، یہ اس طرح نہیں ہے کہ یہ پراونشل گورنمنٹس کرتی ہیں۔ اگر Blame game ہم کھیلیں تو ہم تو آرام سے ایم ایم اے کے اوپر ڈال سکتے ہیں کہ یہ انہوں نے ہی کیا ہے۔ ایسا نہیں ہے، اس طرح ہے جی کہ یہ سٹیٹ بینک کے رولز ریگولیشنز ہیں، اس کا اپنا Criteria ہوتا ہے، اس Criteria کے اندر اگر کوئی Fit ہوتا ہے، کوئی Loan صرف Write off ہوتا ہے، سٹیٹ بینک کرتا ہے اور بڑے ہائی لیول پر ہوتا ہے لیکن پھر بھی مطلب یہ ہے کہ چونکہ ابھی نوٹس آگیا ہے، صرف ہاؤس کی تسلی کیلئے کہ یہ ہمارے دور سے پہلے کی چیز ہے اور یہ سٹیٹ بینک آف پاکستان نے کیا ہے اور یہ نہیں ہوتا کہ ایم ڈی خیبر بینک جو ہے کسی کو آرام سے معاف کردیں، This is not possible۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: یہ کل اس پر بات ہو گی، کل اس پر بات ہو گی، بس ابھی تو یہ لاء منسٹر صاحب نے جواب دے دیا کہ کس Year کا قرضہ تھا اور کب معاف ہوا ہے؟

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! بس خبره کلیئر شوه، دا ارشد عبدالله صاحب کلیئر کړه۔

وزیر اطلاعات: هم د هغه په حمایت کښے خبره ما کوله، د ډیټونو په حساب خو زه خبره نه کوم خو دا چه تاسو د سحر د پاره کړے دے نو بنه مو او کړل، ما خو وئیل که ختموئ ئے۔

جناب سپیکر: نه، نه۔

وزیر اطلاعات: نو چونکه د صوبے یو خبره، مسئله ده، صفا کول ضرور غواړی۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه جی۔

وزیر اطلاعات: مطلب دا دے چه سرئے معلوم شی۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه جی۔ مفتی کفایت الله صاحب Again۔ سوال نمبر 29، مفتی صاحب، سوال نمبر 29۔

* 29 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) بینک آف خیبر میں اعلیٰ عہدوں پر دیگر بینکوں سے گولڈن ہینڈ شیک لیکر فارغ یا ریٹائرڈ ملازمین کو ضرورت کے تحت کنٹریکٹ پر تعینات کیا جاتا ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو بینک آف خیبر میں یوم آغاز سے لیکر تا حال جن افراد کو کنٹریکٹ پر تعینات کیا گیا ہے، انکی مکمل تفصیل بمعہ بینک جن سے فارغ ہوئے، مدت ملازمت از آغاز تا انجام اور تنخواہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب سپیکر: سپلیمنټری پکښے شته جی؟

مفتی کفایت اللہ: او جی، سپلیمنټری نه، په دیکښې خو زما ژړا ده جی (قہقہہ) دا اوګورئ جی، یو سړے دے، دے تنخواه اخلی 5 لاکھ 34 هزار، بل سړے دے جی، هغه تنخواه اخلی 5 لاکھ 13 هزار۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، میں تو جا رہی ہوں۔

مفتی کفایت اللہ: سید احمد۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا نومونه ئے هم لړ اخله، دا کوم ځائے کښې دی جی؟

مفتی کفایت اللہ: دا پیج نمبر تاسو اول اوګورئ جی، بره جناب بشیر احمد صاحب دے، بنکته په پانچ نمبر باندے دے سید احمد اقبال اشرف، 5 لاکھ 34 هزار 600 روپئ اور په چھ نمبر باندے، بلال مصطفیٰ صاحب ریټائرډ شو، دے بیا راغلو نو 5 لاکھ 13 هزار او ډیر د کمال خبره دا ده جی، تاسو اوګورئ په بله صفحه باندے جناب میر جاوید حشمت، د ده تعلیمی قابلیت دے بی ایس سی انجینئرنګ (میکنیکل)، دے دوه ځله مونږه Hire کړے دے جی، اول ځل چه مونږ دے Hire کړو نو ده له مونږ تنخواه ورکوله 43 هزار 3 سو 15 روپئ او دویم ځل چه مونږ دے Hire کړو، بیا د ده تنخواه شوله 3 لاکھ 9 هزار روپئ، د دے دواړو تنخواګانو په مینځ کښې فرق دے، 2 لاکھ 56 هزار روپئ، اوس د ده په هغه کوالیفیکیشن کښې فرق نه دے راغلے، دے اول بی ایس سی انجینیئرنګ (مکینیکل) وو، بیا هم بی ایس سی انجینئرنګ (مکینیکل) دے، حاضر سروس سړے دے جی۔ اوس زه دا تپوس کومه، اچانک دومره غټ استعداد کښې څومره اضافه راغله چه د 43 هزار نه دا سړے لاړ 3 لاکھ 9 هزار روپئ ته، بینک هم په قرضو کښې دے جی او د دوئ کاروبار هم ټھیک نه دے، صوبه هم دا سے حال کښې ده، دا دومره خیانت خو مونږ نه شو برداشت کولے جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ضمنی سوال جناب۔۔۔۔

حافظ اختر علی: ضمنی سوال دے، جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Speaker: Ji, one by one; Hafiz Akhtar Ali Sahib.

حافظ اختر علی: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ دا یقیناً د خوش عیشئ بلکه د عیاشئ کومه مظاهره چه بنکاری نو د جناب وزیر صاحب نه دا سوال کومه چه آیا زمونږ

صوبہ یوہ غریبہ او مقروض صوبہ دہ او کہ نہ زمونږ صوبہ انتہائی خوشحال او متمول، څنګہ چہ د تنخواہ ګانو نہ معلومہ دہ نو دا د لږ مونږ تہ Explain کړی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی نگہت بی بی۔ سوال تش وایئ جی، سوال، تقریر بہ یو ہم نہ کوئ، صرف سوال جی، سپلیمنټری سوال۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، یہاں پر یہ بتایا گیا کہ 350 لیٹر پٹرول جو ہے، وہ ایک شخص کو دیا جاتا ہے لیکن سال کا نہیں بتایا کہ سال کا ٹوٹل جو ہے وہ کتنا، پیسے کتنے دیئے جاتے ہیں؟

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب، یو منٹ جی، تاسو۔ جی نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: تو اس میں یہ ہے کہ ان میں ایک کی بھی نہیں بتائی ہے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر! زما ہم یو سوال دے۔

جناب سپیکر: بس جی، درے او شو جی۔ جی آنریبل لاء منسټر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): اس طرح ہے جی کہ یہ کوئی یعنی گورنمنٹ کا کوئی اس قسم کا ادارہ نہیں ہے، یہ تو بینک ہے اور بینک جو ہے جی، بینک کے پریذیڈنٹ لے لیں، ان کے چیف ایگزیکٹیو دیکھ لیں، آپ پورے ملک کے لیول پر دیکھ لیں تو ان کی تنخواہیں ملین میں ہیں، Minimum one million, two millions, three millions، اس Range میں جو ہیں، یہ جو Top brass ہوتے ہیں بینک کے، پورے ملک پاکستان میں، باہر کی بات میں نہیں کرتا، باہر تو پھر Millions of dollars bonuses ہوتی ہیں سالانہ ان کی، تو یہ کوئی مطلب، یہ ادارہ آپ کا چلا رہا ہے اور یہ جن بندوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، سید اقبال احمد اشرف صاحب اور بلال مصطفیٰ صاحب مینجنگ ڈائریکٹر لیول کے لوگ ہیں اور وہی ایک مینجنگ ڈائریکٹر ہوتا ہے، تو مارکیٹ کے حساب سے دیکھ لیں تو تقریباً مارکیٹ کے لحاظ سے کافی تھوڑی تنخواہیں ہیں۔ جاوید حشمت صاحب کی بات کی گئی ہے، یہ گولڈن ہینڈ شیک انہوں نے لیا ہے جی IDBP سے، یہ وہاں کے Ex employees ہیں، 03-2002 میں، ابھی 2009 میں جو ہے ان کو Hire کیا گیا لیکن ان کا بھی بے تحاشہ Experience ہے، اس کے دوران بھی انہوں نے بہت سی جگہوں پر کام کیا ہوا ہے اور اس وقت بینک کو بڑے اچھے طریقے سے Manage کر رہے ہیں۔ پچھلے سوالوں میں

میں نے ہاؤس کو انفارمیشن بھی دی تھی کہ ہمارے Assets جو ہیں، وہ بڑھ رہے ہیں، ہماری Share holdings بڑھ رہی ہیں، ہماری Share values بڑھ رہی ہیں، اس وقت جس وقت سٹارٹ ہوا تھا بینک اور ابھی آپ حیران ہو جائینگے کہ اس کو، یعنی 500, 600 times اس کی Worth بڑھی ہے، تو اس قسم کے لوگ جو ہیں، اچھے مینجرز یا اچھے مینجنگ ڈائریکٹرز جو ہیں، وہ کوئی لاکھ، ڈیڑھ لاکھ پر نہیں آتے جی، یہ اس قسم کی کوئی چھوٹی موٹی آرگنائزیشن نہیں ہے، بینک چلانا تو It's very technical job۔ مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، یہ-----

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> میں نے جو سوال کیا تھا جی، سپیکر صاحب-----

<u>جناب سپیکر:</u> نہ جی، یہ جو مفتی صاحب پوچھ رہے ہیں کہ ہم نے 43ہزار پر اس کو Hire کیا تھا، آپ لوگوں نے تین، سوا تین لاکھ پر کیوں لے گیا؟

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> ہاں، اور دوسری بات یہ ہے، یہی کوالیفکیشن اس بینک کے اندر موجود ہے، بی ایس سی انجینئرنگ (مکینیکل)-----

<u>جناب سپیکر:</u> یہ پہلے بھی اسی بینک کا Employee تھا؟

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> یہ لوگ یہاں موجود ہیں تو باہر سے کیوں لاتے ہو، ان کو پروموٹ کیوں نہیں کرتے؟

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، جس کی آپ بات کر رہے ہیں، یہ پہلے بھی اس بینک میں Employee تھے؟

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> پہلے پہلے جس کی تنخواہ تھی ہمارے پاس 43ہزار، جب دوبارہ ہم لے آئے تو میں سوچ رہا تھا کہ اس کی کوالیفکیشن بڑھ گئی ہے، کوالیفکیشن وہی ہے، بی ایس سی انجینئرنگ (مکینیکل) ہے لیکن دوبارہ ہم نے لیا ان کو تین لاکھ پر، مستقل لے لیا ہے۔ پھر یہی کوالیفکیشن ہمارے پاس موجود ہے، بینک کے اندر ان لوگوں کو پروموٹ کیوں نہیں کیا جاتا اور باہر سے لوگ کیوں Hire کئے جا رہے ہیں؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

<u>وزیر قانون:</u> جی جی، سوال ان کا یہ تھا کہ گولڈن ہینڈ شیک جن لوگوں نے لیا ہے یا کنٹریکٹ کے اوپر دوسرے بینک سے آئے ہیں، ریٹائرمنٹ کے بعد تو یہ IDBP کے وقت کی تنخواہیں ہیں، یہ سرکاری بینک تھا اس وقت IDBP، بلکہ RDFC میں بھی یہ رہ چکے ہیں اور یہ اس وقت کی تنخواہیں ہیں۔ اس حوالے سے گورنمنٹ کے سکیل، اس کے بعد اب تک پرائیویٹ سیکٹر اور پبلک دونوں کی تنخواہیں جو ہیں،

بڑھی ہیں اور بڑی Magnitude کے ساتھ بڑھی ہیں پلس Devaluation بھی ہوئی ہے تو اس وقت کے پچاس ہزار روپے آج کل کے تین لاکھ روپے کم از کم بنتے ہونگے جی، تو آپ ڈالر سے ملالیں، اس کو سونے سے ملالیں تو یہ دو تین بندے ہی ہوتے ہیں بینک میں جو بینک کو چلارہے ہیں اور بڑا اچھا Manage کررہے ہیں، میرے خیال سے یہ تنخواہیں کچھ بھی نہیں ہیں It's just peanut as compared to other banks۔

Mr. Muhammad Zamin Khan: Supplementary question, ji.

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب، وزیر صاحب نے مہنگائی پر بات کی۔

جناب سپیکر: ہیں؟

مفتی کفایت اللہ: وزیر صاحب خو په مهنگائی باندے اووئیل نو د 47 هزار او د 3 لاکھ 9 هزار دا شرح مهنگائی ده جی؟ داسے وینا به مناسب نه وی چه بهئ دیکښے یو څل تحقیق اوکړو، لږ به دے باندے اوګورو بیا به خبره اوکړو۔ لکه یو ځائے 3 لاکھ 9 هزار ده او هغه سړے Same qualification باندے راځی او هغه 47 هزار مخکښے اخلی۔

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب! اس میں اگر مجھے اجازت دیں تو مفتی صاحب! جو کوالیفکیشن کی آپ بات کرتے رہے ہیں، اس کے ساتھ Experience ان کا شامل ہوا ہے۔ اس نے پورے IDBP میں Job کیا ہے۔ دیکھیں 2002 سے پھر 2009 میں آیا ہے، سات سال اسکا Experience ہو گیا تھا۔

جناب سپیکر: یہ اصل میں اللہ میاں نے ایک Asset دیا ہے خیبر بینک، اس پر تو پھر اس سب نے نکالنا ہی ہے نا، (قہقہہ) ہم آپ کی اس پہ بریک میں بات ڈسکس ہو گی جی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: نه بس اوس خو خبره ختمه شوه جی، دا بریک کښے به تاسو ټول کښینئ، دا بینک والا هم کښینوئ او لاء منسټر صاحب به درسره کښینی، هغلته به ئے ډسکس کوؤ۔ Mufti Kifayatullah Sahib, next Question؟

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ سوال نمبر ہے 25، 25 جی، Two five۔

Mr. Speaker: Two five.

* 25 ۔ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر خزانہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) دیگر بینکوں کی طرح بینک آف خیبر کو چلانے کیلئے مینجمنٹ (سٹاف) ضرورت کے مطابق موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2008 سے لیکر 2010 تک مذکورہ بینک میں مینجمنٹ کی تعداد، انکی تعلیمی قابلیت، تنخواہ، ٹی اے اور ڈی اے کی مدات میں ملنے والی رقوم اور دیگر سہولیات و مراعات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، فی الوقت مینجمنٹ سٹاف ضرورت کے مطابق موجود ہے لیکن مینجمنٹ سٹاف کی ریٹائرمنٹ یا بینک کی نئی شاخوں کے قیام میں آنے کی صورت میں نئی انتظامیہ کو سٹاف کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

(ب) بینک آف خیبر کے سال 2008 تا 2010 کل سینیئر ایگزیکٹیوز: 51

تعلیمی قابلیت: کم از کم بی اے زیادہ سے زیادہ پوسٹ گریجویٹ بمعہ سی اے۔

کل ماہانہ تنخواہ: 85 لاکھ 71 ہزار 122 روپے۔

ماہانہ پٹرول سیلنگ (لٹر): کم از کم 350 زیادہ سے زیادہ 500۔

2008 میں لیے گئے ٹی اے / ڈی اے الاؤنسز کی تفصیل: 8 لاکھ 92 ہزار 2 سو 90 روپے۔

2009 میں لیے گئے ٹی اے / ڈی اے الاؤنسز کی تفصیل: 22 لاکھ 92 ہزار 2 سو 90 روپے۔

2010 میں لیے گئے ٹی اے / ڈی اے الاؤنسز کی تفصیل: 34 لاکھ 97 ہزار 1 سو 54 روپے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر ویسے جیسے کھلاڑیوں کو جو ہے تو وہ جب کھیلتے ہیں تو ان کو پھر کسی بینک کے ساتھ منسلک کر دیا جاتا ہے تو تمام ارکان اسمبلی کو بھی بینک آف خیبر کے ساتھ کر دیا جائے تاکہ ہمیں بھی اتنی تنخواہیں تو ملیں نا۔ (قہقہہ)

مفتی کفایت اللہ: اس سوال جز (ب) میں میں نے پوچھا ہے جی، "سال 2008 سے لیکر 2010 تک مذکورہ بینک میں مینجمنٹ کی تعداد، انکی تعلیمی قابلیت، تنخواہ، ٹی اے اور ڈی اے کی مدات میں ملنے والی رقوم اور دیگر سہولیات و مراعات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟" انہوں نے میرے سوال سے بھاگنے کی کوشش کی ہے جی۔ انہوں نے آدمیوں کے نام بھی نہیں دیئے ہیں اور ان کی الگ الگ مجھے تعلیمی قابلیت

چاہیئے تھی، وہ بھی نہیں دی، الگ الگ تنخواہ چاہیئے تھی، وہ بھی نہیں دی، ٹی اے / ڈی اے الگ، الگ چاہیئے تھا، مجھے نہیں معلوم یہ کیوں ان پر پردہ ڈال رہے ہیں؟

محترمہ نور سحر بی بی: جناب سپیکر۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر، معلوم نہیں کہ انکی Priority کیا ہوتی ہے اور Priority کس شعبے کی وجہ سے زیادہ دیتے ہیں، ان کی Percentages بتائیں نا کہ Priority ان کی کیا ہوتی ہے؟

جناب سپیکر: کس چیز کی Priority؟

محترمہ نور سحر: سر کوالیفکیشن کی، کوالیفکیشن۔

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: Priority تو ہماری آپ لوگ ہی ہیں۔ اس طرح ہے جی کہ آپ نے مینجمنٹ سٹاف سے متعلق بات کی ہے اور Overall آپ کے پاس سے ایک فگر آگیا ہے، ڈیٹیل بینک کے ہمارے آفیسرز کی اور بالکل آپ کو جو ہے نا بریک میں ہم مکمل طور پر Satisfy کر دینگے۔ اب آپ کو ہم بٹھاتے ہیں اپنے ساتھ اور انشاء اللہ (قہقہہ) یہ مکمل تفصیلات آپ کو دے دینگے جی۔

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب، سپیکر صاحب، میں اگر یہ کہوں کہ دس آدمیوں کے الگ الگ نام دو اور ان کی تنخواہیں دو اور یہ کہہ دیں کہ دس آدمیوں کے نام نہیں دیتے، مجموعی تنخواہ بتا دیتے ہیں، مجھے اطمینان تو نہیں ہوگا نا جی، تو اگر یہ مان لیں، موڈ اچھا ہے، موڈ اچھا ہے ان کا۔۔۔۔

وزیر قانون: ہم آپ کو بریک میں Provide کرینگے اور اگر آپ نہیں Satisfied تو You can keep it pending، ہم آپ کو وہ کر دینگے، We will provide you۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سر، اس میں منسٹر صاحب بار بار یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ بیٹھ کر Decide کریں گے۔ اب کوئسچن کا مطلب تو یہ ہوتا ہے کہ سارے اسمبلی والوں کو پتہ چلے، اگر ایک مفتی صاحب اور یہ ہی اکٹھے بیٹھ جائیں اور آپس میں Decide کرلیں تو پھر تو کوئی مسئلہ حل نہیں ہوا نا سر، ہمیں چاہیئے سر کہ ساری اسمبلی کو ایک چیز Provide کی جائے اور اس کو پتہ لگ جائے۔ (تالیاں)

وزیر قانون: صحیح دہ جی، ٹھیک ہے، اس کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اصل میں جو Concerned Minister ہیں، وہ ہیں نہیں (قہقہہ) یہ پرایا بوجھ اٹھائے پھر رہا ہے تو-----

مفتی کفایت اللہ: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: ہں جی؟

وزیر قانون: نه دوئ، دوئ-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ٹھیک ہے نا پینڈنگ رکھیں نا۔

وزیر قانون: ٹھیک ہے پینڈنگ کریں، ہم مکمل تفصیلات لے آئینگے جی۔

Mr. Speaker: Okay. This is kept pending; this is kept pending.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ کچھ نہ کچھ لیں گے بینک آف خیبر سے۔

Mr. Speaker: Mufti Kifayatullah Sahib, again, Question No. 26.

* 26 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران محکمہ کو وفاقی حکومت سے کتنی گرانٹ ملی ہے، نیز مذکورہ گرانٹ کن کن سکیموں کیلئے مختص کی گئی ہے، چیدہ چیدہ سکیموں کے نام بتائے جائیں؟

جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ): وفاقی حکومت سے صوبہ خیبر پختونخوا کو بذریعہ محکمہ خزانہ مالی سال 2008-09 میں 18,854,354 ملین روپے اور مالی سال 2009-10 میں 32,012.516 ملین روپے بطور گرانٹ ملے ہیں جن کی تفصیل کچھ یوں ہے:

| | سال 2008-09 | سال 2009-10 |
|---|---|---|
| 1-این ایف سی ایوارڈ کے تحت مالی اعانت Special Grant/ Subvention under NFC Award | 13,183,310 | 15,207,407 |
| 2-غیر ترقیاتی اخراجات کیلئے گرانٹ | 1,696,751 | 11,506,681 |
| 3-ترقیاتی اخراجات یعنی PSDP اور پیپلز ورکس پروگرام کیلئے گرانٹ جو کہ ہماری بجٹ کتابوں کا حصہ ہے۔ | 3,974,293 | 5,298,428 |
| کل میزان | 18,854,354 | 32,012.516 |

یہاں یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت ملنے والی گرانٹ کی رقم Provincial Consolidated Fund کا حصہ بن جاتی ہے جو صوبائی اخراجات کو پورا کرنے کیلئے صوبائی بجٹ میں

مختلف مدوں میں تقسیم کی جاتی ہے اور کوئی بھی گرانٹ کسی خاص مد میں خرچ کرنے کیلئے مختص نہیں کی جاتی، البتہ یہ گرانٹ ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات پر منظور شدہ بجٹ کے مطابق خرچ کی جاتی ہے۔ چونکہ مذکورہ گرانٹ کسی خاص سکیم پر خرچ نہیں ہوتی اسلئے اس ضمن میں چیدہ چیدہ سکیموں کے نام دینا ممکن نہیں، تاہم مذکورہ سالوں کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام (ADP) میں تمام سکیمیں درج ہیں۔ پی ڈبلیو پی، پی ایس ڈی پی اور غیر ترقیاتی اخراجات کیلئے گرانٹ کی تفصیل فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Ji, any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: اس پر سپلیمنٹری یہ ہے کہ انہوں نے ماشاء اللہ بہت اطمینان سے جواب دیا ہے جی اور تفصیل سے جواب دیا ہے، میں نے پڑھا ہے جی، میں مطمئن ہوں اس پر۔

جناب سپیکر: شکریہ، تھینک یو۔ (تالیاں / قہقہہ) مفتی کفایت اللہ صاحب، Again۔

مفتی کفایت اللہ: جہاں میں مطمئن ہوتا ہوں، وہاں پر مطمئن ہونے دیجیئے۔ (قہقہہ)

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب، د مفتی صاحب او د نگہت رابطہ ڈیرہ پخہ دہ، دوئ پہ انڈرسٹینڈنگ باندے پہ یو بل خفہ کیږی۔

(قہقہہ)

مفتی کفایت اللہ: مونږ درے واړہ یو جی۔

(قہقہے)

Mr. Speaker: Ji, Mufti Kifayatullah Sahib, Question No. 21.

* 21 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے گروپ انشورنس کی کٹوتی کی جاتی ہے؛

(ب) آیا صوبائی گورنمنٹ ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر انشورنس کے قواعد و ضوابط کے مطابق اصل رقم بمعہ منافع واپس نہیں کرتی جبکہ باقی انشورنس سکیمیں اختتام ہونے پر بمعہ منافع رقم واپس کی جاتی ہے؛

(ج) آیا عمومی طور پر حادثات وغیرہ پر رقم کی ادائیگی کی وجہ سے رقم سے کٹوتی زیادہ کی جاتی ہے؛

(د) مذکورہ فاضل رقم کو کہاں اور کس طرح رکھا جاتا ہے، سال 2005 سے 2009 تک کی فاضل رقم کی تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے؛

(ھ) آیا کوئی ایسا طریقہ کار زیر غور لایا جا سکتا ہے کہ مذکورہ رقم بمعہ منافع ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے موقع پر مل سکے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان(وزیراعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) صوبائی حکومت کے ملازمین کو دی جانی والی سکیم گروپ ٹرم انشورنس ہے۔ ٹرم انشورنس کے تحت آنے والی سکیموں پر دنیا کے کسی بھی ملک میں Matureہونے پر اصل بمعہ منافع ادا نہیں کیا جاتا کیونکہ اس سکیم کے تحت نہایت ہی کم پریمیم کے عوض بھاری رقم Claim کی صورت میں ادا کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر سکیل 1تا4 کے ملامین سے ماہانہ کٹوتی مبلغ -/44روپے کی جاتی ہے جبکہ ناگہانی موت کی صورت میں مرحوم کے ورثاء کو مبلغ -/150,000 روپے کی ادائیگی کی جاتی ہے، جبکہ ایسی سکیم جس میں Maturity پر ملازمین کو ادائیگی کی سہولت میسر کی جائے تو ایسی -/150,000 روپے کی رقم کیلئے ملازمین سے ماہانہ مبلغ -/700روپے کی کٹوتی بیس سال کے عرصے کیلئے کرنا پڑے گی جو کہ ان پر ایک اضافی بوجھ ہوگا۔ موجودہ سکیم کے تحت جہاں ناگہانی موت کی صورت میں ادائیگی کی جاتی ہے، وہی پر ملازمین کو معذوری پر ادائیگی کی شرط بھی موجود ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی سرکاری ملازم ریٹائر ہو جائے تو بغیر کسی ماہانہ کٹوتی کے پانچ سال تک مفت انشورنس کی سہولت دی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ گروپ انشورنس کا مقصد ہی گروپ ہی قلیل شراکت سے موت کا شکار ہونے والوں کا فائدہ ہے۔

(ج) جی نہیں، یہ درست نہیں ہے۔

(د) ہر تین سال بعد گورنمنٹ سے گروپ انشورنس کی مد میں موصول رقم اورClaim کی شکل میں مرحومین کے ورثاء کو اداشدہ رقم کا حساب کیا جاتا ہے۔ اگر پریمیم کی مد میں موصول رقم اداشدہ رقم سے زیادہ ہو تو فاضل رقم موجود ہوتی ہے، بصورت دیگر نہیں۔ فاضل رقم موجود ہونے کی شکل میں یہ رقم صوبائی حکومت کو واپس کردی جاتی ہے۔ سال2005 سے 2009 تک کی فاضل رقم کا حساب ابھی تک نہیں لگایا جاسکا، چونکہ معاہدے کے تحت یہ ضروری ہے کہ ادارہ کو صوبائی ملازمین کی درست تعداد فراہم کی جائے جو کہ ابھی تک فراہم نہیں کی جاسکی اور یہ ضروری بھی نہیں کہ سال2005 سے 2009 تک فاضل رقم بن جائے۔

(ھ) معاہدہ کے تحت ہر تین سال بعد اگر کوئی فاضل رقم بنتی ہو تو وہ صوبائی حکومت کو ادا کردی جاتی ہے۔ صوبائی حکومت اس رقم کو ویلفیئر بورڈ جو کہ ملازمین کی فلاح و بہبود کا ادارہ ہے، کی مد میں جمع کر دیتی ہے۔ صوبائی ویلفیئر بورڈ اس رقوم کو سرکاری ملازمین کو مالی امداد اور فلاح و بہبود کے پروگراموں پر استعمال کرتی ہے۔

Mr. Speaker: Any Supplementary?

مفتی کفایت اللہ: پہ دیکبنے جی یو سوال دے ، تاسو جی د اجز(ج) او گورئ: "مذکورہ فاضل رقم کو کہاں اور کس طرح رکھا جاتا ہے، سال 2005 سے 2009 تک فاضل رقم کی تفصیل ائیر وائز فراہم کی جائے؟" دا د ملازمینو پیسے دی جی،انہوں نے جواب دیا ہے جی کہ سال 2005 سے 2009 تک کی فاضل رقم کا حساب ابھی تک نہیں لگایا جاسکا۔ سپیکر صاحب،انہوں نے جواب دیا ہے کہ 2005 سے 2009 تک کی فاضل رقم کا حساب ابھی تک نہیں لگایا جاسکا۔

جناب سپیکر: جی، مفتی صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: یہ جی جواب جو (د) ہے،(د) کے جواب میں انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے ابھی تک حساب نہیں لگایا۔ سپیکر صاحب، ہماری توجہ تو ضروری ہوتی ہے،آپکی توجہ بہت زیادہ ضروری ہوتی ہے۔

جناب سپیکر: اب بس-----

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، عبدالاکبر خان صاحب کے اعزاز میں کہ انہوں نے Submit کیا ہے-----

(شور)

جناب سپیکر: بعض چیزیں ضروری ہوتی ہیں،وہ کرنا پڑتی ہیں۔جی مفتی صاحب کا تو پورا سیشن ہے۔

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں نہیں،اگر میں درمیان میں کچھ-----

جناب سپیکر: یہ ہر ایک کی اپنی اپنی Activity ہوتی ہے،آپ اپنی Activity سے غرض رکھیں۔

(شور)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اس مطلب ہے کہ ہم شروع کریں-----

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں جس اہم چیز کی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ سوال کے (د) کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ہم نے سال 2005 سے 2009 تک انشورنس کی جو فاضل رقم ہے،اس کا ابھی تک حساب ہی نہیں لگایا۔اب میں چاہتا ہوں کہ یہ محکمہ کیا کرتا ہے جو ابھی تک انہوں حساب نہیں لگایا، تو یہ حساب لگائے اور ہمیں بتائے کہ فاضل رقم کتنی ہے اور کہاں رکھی جاتی ہے؟

جناب سپیکر: آنریبل لامنسٹر صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: لامنسٹر، کیا اس کے وزیر موجود نہیں ہیں؟

جناب سپیکر: ہاں۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): دا د ایڈمنسٹریشن سوال دے، بالکل جی، دا د چیف منسٹر صاحب دغه دے۔ دا سے ده سر چه دا سوال دوئ تهیک اوچت کړے دے، جواب واقعي چه ډیر بے کاره جواب ورکړے شوے دے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: بس دے هغه هم سترے شو کنه چه زه به خومره صفا کوم، میں کس حد تک صفائی کرونگا جی۔

وزیر قانون: دا سے ده جی، ما سحر، نه جی د دوئ د انفارمیشن د پاره، سحر جی سیکرټری ایډ منسټریشن صاحب او د هغوی پوره مکمل ورسره ایډیشنل سیکرټریز، دا ټول راغلی وو او په دے باندے ورته ما اووئیل، یره ما وئیل، د خپل Displeasureاظهار مے ورته اوکړو چه یره ما وئیل دا څه زیاتے دے 2005 نه مطلب دا دے تر اوسه پورے تاسو خپل ایمپلائز نه دی شمارلی خو بهرحال بدقسمتی ده او په 2005 کښے تاسو هم وایئ خیر دے، نو دا سے ده چه اوس دا بینوولنټ فنډ والا چه کوم دے، د دے د پاره From the last six months هغوی پرے کار شروع کړے دے او چه کوم دا پشاور ایریا شوه یا Big cities شو، د دے ډیټا ئے Collect کړے ده، د یو څو ډویژنو پاتے ده، راروانه ده انشاء الله۔۔۔۔

Mr. Speaker: This Question is kept pending for a week time.

په دے Week کښے دا ډیټا چه ټول دلته راورسی جی، تهینک یو۔ سکندر عرفان، آنریبل ایم پی اے صاحب، شکریہ آپ کی تھوڑی لب کشائی ہوئی۔ جی، سوال نمبر 145۔

* 145 _ جناب سکندر عرفان: کیا وزیر برائے سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ IDPs کی رجسٹریشن کیلئے مختلف اداروں کی جانب سے ٹرانسپورٹ کی مد میں فنڈز فراہم کئے گئے تھے، آیا مذکورہ ٹھیکہ مروجہ قانون کے تحت دیا گیا تھا؛

(ب) ٹرانسپورٹ کا ٹھیکہ کس قانون کے تحت دیا گیا تھا؛

(ج) ٹھیکیدار کو رقم کی ادائیگی کس طریقہ کار کے تحت کی گئی تھی، ٹھیکیدار کا نام، کل رقم، ادا شدہ رقم اور جاری شدہ چیکس کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز مروجہ قانون بمعہ اخباری اشتہار کی کاپیاں فراہم کی جائیں؟

محترمہ ستارہ ایاز (وزیر برائے سماجی بہبود): (الف) جی ہاں، تاہم یہ وضاحت کرنا ضروری ہے کہ IDPs کی رجسٹریشن کیلئے مختلف اداروں نے نہیں بلکہ صرف اقوام متحدہ کے ادارے برائے مہاجرین، UNHCR نے ٹرانسپورٹ کی مد میں فنڈز فراہم کئے تھے۔ ٹرانسپورٹ کا ٹھیکہ اسی ادارے کے مروجہ قانون کے تحت دیا گیا تھا۔

(ب) ٹرانسپورٹ کا ٹھیکہ UNHCR کے Procurement Guidelines کے مطابق دیا گیا تھا۔

(ج) ٹھیکیدار کو رقم کی ادائیگی بذریعہ کراس چیک کی گئی تھی۔ ٹرانسپورٹ فراہم کرنے والے ادارے کا نام اشرفیہ رینٹ اے کار ہے جسکو مختلف تاریخوں پر بذریعہ کراس چیک مجموعی طور پر 7,407,535 روپے کی رقم ادا کی گئی۔ جاری شدہ چیکس کی تفصیل اور مروجہ قانون کی کاپی فراہم کی گئی۔ تاہم UNHCR کے Procurement Guidelines کے تحت اشتہار درکار نہیں تھا۔

Mr. Speaker: Ji, any Supplementary?

جناب سکندر عرفان: جی سر۔ سپیکر صاحب، په دیکښے دوئ لیکلی دی چه دا اشرفیه رینټ اے کار، د دے نه څه ایډریس شته، نه ئے څه پته شته، بل دا ده چه دوئ وائی چه دے ته د دغه ضرورت نه وو د اشتهار او د UNHCR د Procurement Guidelines مطابق دوئ چه کومے پیسے ورکړی دی، دا تقریباً ستر لاکھ روپو نه سیوا دی او UNHCR گائیډ لائنز وائی جی چه د بیس هزار ډالر نه کله پیسے سیوا شی نو بیا د دے د پاره هغه 'پری کوالیفائیډ' ایجنسیز دی، هغوی د دے د پاره دغه کوی او که فرض کړه دا سے څه خبره وی نو په دے گائیډ لائنز کښے اخر ے دغه چه:

The Procurement Manager must document any anomalies or deviations from the policy or procedures in a purchase with a signed explanatory 'note to the file" full supporting documentation will answer any question that an auditor or external examiner may raise.

نو دا سے هیڅ قسمه څه خبره نشته پکښے -----

جناب سپیکر: جی ستاره ایاز بی بی، آنریبل منسٹر۔

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی زمین خان۔ اودریږه یو منټ، زمین خانه! وړوکے کوئسچن کوئ جی۔

جناب محمد زمین خان: جی وړوکے کوم سر۔ واقعی جی دا ډیره زیاته ګهپله په دیکښے ښکاری، زه په دیکښے یو ګزارش کوم۔ دوئ په دے خپل جواب کښے وائی چه یره د UNHCRد پالیسئ مطابق، د ګائیډ لائن مطابق د اشتهار ضرورت نشته دے جی خو دوئ دا پالیسی که اوګورو، که دے ایک نمبرته لاړ شو جی، Competitive Bidding، دا باقاعده د دوئ ایک نمبر دغه دے چه Competitive Biddingبه کیږی نو چه ته اشتهار ورنکړے نو Competitive Bidding څنګه به کیږی ځکه چه چا ته پته نه وی چه یره فرمونه د راشی او هغه د خپل ریټس ورکړی نو اشتهار خو پکار دے چه Competitive Biddingاوشی۔

جناب سپیکر: اودریږه جی، دا منسټر صاحبه به واورو جی۔ آنریبل منسټر، سوشل ویلفیئر۔

محترمہ ستارہ ایاز (وزیر برائے سماجی بہبود): داسے ده جی چه اکتوبر 2008 کښے چه کله آئی ډی پیز کرائسز باجوړ والا اوشو نو د هغے د پاره موټره Rented for three months دغه کړے وو، فور وهیکل نو For that چه دے ، هغه د یو این ایچ سی آر'پروکیورمنټ' انډر نه راتلل، دا موټره په ریګولر دغه باندے کړی دی چه هغه باقاعده اوس هم جی زموږ سره یو این پراجیکټس چلیږی،ګنی هغوی باقاعده After three monthsراځی، هغوی ئے چیک کوی، هر څه کوی، After thatهغوی بیا خپل فنډنګ کوی نو داسے هیڅ خبره په دیکښے نشته دے ، چه څه هم دی This is under the UN guidelines، موټره کولے نه شو جی، موږ'باؤنډ' یو چه هغه زموږ ډونر دے نو ډونر به ګوری او د هغے نه پس به هغه فنډ ریلیز کوی نو که د Three monthsنه پس هغوی ورکړی، په دیکښے څه ښکاره شی نو هغوی خپل فنډ نګ سټاپ کړی خودا خو هغوی باقاعده لیټر راکړے دے ، لکهWe have a letter، اوس هم جی زما سره چه کوم پراجیکټس

دی سوات آئی ډی پیز پراجیکټس خو اوس هم چه کوم زما سره دے ، په هغے کښے پوائنټ زما سره۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه د هغوی په ګائیډ لائنز کښے دا دی چه بس ټینډر مینډر نشته؟

وزیر برائے سماجی بہبود: نه نه جی، د هغوی یو Limit دے کنه، هغه Limit مونږه کله هم نه دے کراس کړے ، چه کله مونږ د هغوی Limit کراس کړے دے بیا They have to advertise، چه کوم ځائے کښے مونږ Limit کراس کړے دے ، مونږه هغه کراس کړے دے۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: 74لاکھ هغه په Limit کښے نه راځی؟

سینیئر وزیر (بلدیات): میں نے تو Unanimous کی بات کر دی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں۔

جناب سپیکر: Ji one by one، اکرم خان درانی صاحب۔ (محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی سے) پھر آپ۔

قائد حزب اختلاف: محترم سپیکر صاحب! مجھے اندازہ تھا کہ بشیر بلور صاحب جو پیش کرنا چاہتے ہیں، میں اس کی پہلے سے وضاحت کرنا چاہتا تھا۔ ہم تو ہمیشہ کوشش کررہے ہیں کہ اس ملک کے جو حالات ہیں، اس صوبے کے جو حالات ہیں اور جن حالات کا ہم نے سامنا کرنا ہے اور یہاں سے کہیں پہ بھی جب بات آتی ہے تو یہی بات ہوتی ہے کہ اس کو ہم ملکر کریں گے، کسی ایک پارٹی کی بس کی بھی بات نہیں ہے، مجھے اندازہ نہیں کہ آج ایک اہم پارٹنر جو کہ پی پی پی بھی ہے گورنمنٹ کا، اس کو بھی علم نہیں ہے اور صرف اے این پی کی طرف سے ڈرون حملوں کی ایک قرارداد لانا، میرے خیال میں نہ تو اس ایوان کی روایات ہیں، نہ اس ایوان میں کبھی اس طرح ہوا ہے کہ دو پارٹیاں جو ایک ہی ساتھ چل رہی ہیں، حکومت میں بھی شامل ہے، وزراء بھی ہیں اور ایک کو علم ہو اور دوسرے کو نہ ہو، میرے خیال میں اس وقت جو سنگین مسئلہ ہے، ہم نے تو ہمیشہ اس کی مذمت کی ہے، میڈیا کے ذریعے بھی، الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے بھی، پریس کے ذریعے بھی، میرے خیال میں یہ ہمارے ملک کی داخلی خود مختاری پر ایک وار ہے اور یہاں پر ہماری وفاقی گورنمنٹ بھی کہتی ہے کہ ہم نے اجازت نہیں دی ہے، پروانشل گورنمنٹ کا تو ایریا نہیں ہے، وفاق کے ساتھ ہے۔ ابھی ہماری فوج بھی اس کے خلاف ہے کیونکہ اس پر کیانی صاحب کی بھی Statement آئی ہے۔ اگر اس کے باوجود کہ صدر پاکستان بھی اس کی مذمت کریں، اس ملک کا وزیراعظم بھی مذمت کریں، صوبے کا چیف منسٹر بھی مذمت کریں، آرمی کا چیف بھی مذمت کریں، اداروں کے سربراہان بھی مذمت کریں تو ہمارے لئے تو بڑی شرمندگی کی بات ہے کہ ایک بات پر پورے ملک کے عوام (تالیاں) پورے ملک کے ادارے، سب کا اتفاق ہے، اس سے تو کوئی اختلاف کا سوچ بھی نہیں ہو سکتا۔ اگر ملک کی سلامتی کی بات ہو، دوسرا ملک اس پہ وار کرے اور اس پر کوئی خاموش رہے تو وہ اس مٹی کا غدار ہے، (تالیاں) اس پر ہم خاموشی اختیار نہیں کر سکتے۔ پاکستان کی سرزمین خواہ وہ فاٹا ہو یا یہاں پر Settle area ہو، ہمارے آباء و اجداد نے بھی اس پہ قربانیاں دی ہیں اور اس ایوان کے، بہت معزز ایوان کے ممبرز جو ہیں، اس کا شکار رہے ہیں لیکن مجھے دکھ اس پر ہوا کہ ملک کی سلامتی پر ایک وار ہے، ہمارے ٹرائبل علاقے پر ایک وار ہے، ہمارے Settle علاقے میں بھی یہ داخل ہوگا اور نہ یہاں پر اپوزیشن کو اس مسئلے پر اعتماد میں لیا جارہاہے،

ہم بشیر بلور صاحب کی قرار داد کی مکمل حمایت کرتے ہیں، ہم بشیر بلور صاحب کی اس قرار داد کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ (تالیاں) لیکن ایک بات ہے، مجھے یہ بتایا جائے کہ اگر ملک کا پریذیڈنٹ بھی نہیں چاہتا، پرائم منسٹر بھی نہیں چاہتا، آرمی کا چیف بھی نہیں چاہتا، اداروں کے سربراہ بھی نہیں چاہتے، چاروں چیف منسٹرز بھی نہیں چاہتے تو ہم کیوں بے بس ہیں کہ ہم اس کو روک نہیں سکتے؟ (تالیاں) تو میرے خیال میں اس کی ہم حمایت بھی کرتے ہیں، ساتھ کھڑے ہیں لیکن مجھے کم از کم اپنے دوستوں سے اس کی توقع نہیں ہے کہ اس اصل مسئلے پہ وہ جانتے ہوئے اپوزیشن اور اپنی پارٹی کے لوگوں کو نظر انداز کریں۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اس پہ ہمیں بھی بولنے کا موقع دیا اور میرے خیال میں (ن) والے بھی چاہتے ہیں، (ق) والے بھی چاہتے ہیں اور باقی ممبران بھی چاہتے ہیں، پیپلز پارٹی (شیرپاؤ) والے بھی، تو سب کو موقع دیں اور اس کے بعد ہم مکمل اتفاق رائے سے اس کو پاس کریں۔

<u>جناب سپیکر</u>: نگہت اورکزئی بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر صاحب! بہت شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، اس ہاؤس کے کسٹوڈین ہونے کے ناطے آپ ہمارے اپوزیشن کی ہی طرف سے اور میرا خیال ہے ہم سب لوگوں کی طرف سے یہ بات کہ آپ انصاف کی کرسی پر بیٹھے ہوئے آج تیسرا سال جب مکمل ہو گیا اور ہم چوتھے پارلیمانی سال میں جب جا رہے ہیں، اس پاکستان میں، اس خیبر پختونخوا میں، میں آپ سے یہ توقع کروں گی کہ آپ انصاف کریں گے کہ جب بھی ایسا کوئی موقع پاکستان یا خیبر پختونخوا کے حوالے سے کسی بھی قرار داد پر آیا جو کہ پاکستان کی سالمیت کے خلاف، جو کہ خیبر پختونخوا کی سالمیت کے خلاف ہوا، اس پہ تو ہمیں ہر وقت، کیونکہ اس وقت ڈکٹیشن نہیں ہوتی تھی کہ اس وقت جب ہم کہتے تھے، میں بہ بانگ دھل یہاں سے بات کروں گی کہ جب میں بشیر بلور صاحب کے پاس ایک پیپر لے کر جاتی تھی تو کہتی تھی کہ جی امریکہ کے سفیر کو طلب کیا جائے تو وہ کہتے تھے نہیں جی، اس کو تھوڑا سا نرم کر دیں، اس کو تھوڑا سا نرم کر دیں، اس کو تھوڑا سا نرم کر دیں، آج وہی دن آیا جب ڈکٹیشن کہیں سے آ گئی تو آج بشیر بلور صاحب اس کو سخت الفاظ میں اور Even یہ ہمارے ہاؤس کے بہت سے ممبران جن کے لاکھوں ووٹرز ہیں، وہ یہاں پہ اس دہشت گردوں کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں، ان کے بچے، ان کے خاندان، میں سمجھتی ہوں کہ یہاں پر آج وہ نہیں ہیں، کل ہم بھی یہاں نہیں ہوں گے کیونکہ ان دہشتگردوں کے خلاف ہم نے، پاکستان مسلم لیگ نے،

پاکستان مسلم لیگ کی قیادت نے، اس کے ورکروں نے، اس کے ممبروں نے، اس کے ایم پی ایز نے، ان کی خواتین نے ہر جگہ پہ یہ آواز اٹھائی ہے کہ دہشت گرد قاتل ہیں، دہشت گرد انسانیت کے قاتل ہیں اور اس پہ ہم نے ہر قرارداد کی آپ کے ساتھ حمایت کی ہے لیکن میں کیا آپ کے توسط سے بشیر بلور صاحب سے یہ پوچھ سکتی ہوں کہ آج اپوزیشن کو کنارہ کش کیسے کر دیا گیا؟ ہم پاکستان مسلم لیگ، یہاں پہ بیٹھے ہوئے پاکستان مسلم لیگ کے ہر ایم پی اے، اس کے ورکرز پورے خیبر پختونخوا کے ورکرز جو ہیں تو وہ بشیر بلور صاحب کی اس قرارداد کی پرزور حمایت کرتے ہیں کیونکہ یہ ہمارے صوبے کیلئے، یہ ہمارے پاکستان کی سالمیت کے خلاف ہے اور جناب سپیکر صاحب، امریکہ جیسے بدمعاش سے ڈرنا، میں تو کہتی ہوں کوئی مسلمان جو ہے، وہ اگر مسلمان ہے تو وہ کسی بھی امریکن سے اور کسی بھی امریکہ سے، کسی بھی ڈکٹیشن لینے والوں سے نہیں ڈرے گا جناب سپیکر صاحب اور خاص کر دہشت گردوں سے جن کو میں نے بہ بانگ دھل یہ کہا ہے کہ وہ قاتل ہیں، انسانیت کے قاتل ہیں، وہ لوگ نہ تو انسان ہیں اور نہ ہی مسلمان ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، آج ہمارا دل جو ہے، وہ اس بات پہ دکھا کہ بشیر بلور صاحب نے کہا کہ یہ ہمارا اکیلے کا کام نہیں ہے، اس صوبے خیبر پختونخوا کی دہشت گردی کو سنبھالنے میں اپوزیشن نے بھی ان کا ساتھ دیا جناب سپیکر صاحب لیکن اس کے باوجود آج انہوں نے ہمیں اس قرارداد میں شامل نہ کر کے، ہم قرارداد میں شامل ہو گئے کیونکہ ہماری بات میڈیا پہ آ گئی، ہماری بات کا خیبر پختونخوا کے لوگوں کو پتہ چل گیا، ہماری بات کا پاکستان کے تمام لوگوں کو پتہ چل گیا کہ ہم ڈرون حملوں کے خلاف ہیں اور میں پریذیڈنٹ آف پاکستان سے، میں وزیراعظم سے، میں وزارت خارجہ سے، میں چیف آف آرمی سٹاف سے یہ درخواست کروں گی، میں چیف جسٹس سے بھی یہ درخواست کروں گی کہ امریکہ بدمعاش، جو کہ امریکہ کا سفیر بیٹھا ہوا ہے اس کو بلا کر کہا جائے کہ یا تو اس وطن سے نکل جاؤ یا ڈرون حملے بند کر دیئے جائیں۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب، آپ نے مجھے وقت دیا۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ پی ایم ایل (این) کی طرف سے ایک بندہ، یا آپ بولیں گے یا وہ بولے گا۔

<u>جناب منور خان ایڈووکیٹ:</u> تھینک یو، سر۔ پی ایم ایل (این) کی طرف سے سر میں شروع میں یہی کہہ رہا تھا کہ بشیر بلور صاحب اور عبدالاکبر خان صاحب جب ادھر ادھر بھاگ رہے تھے تو مجھے شک پڑا تھا کہ یہاں کوئی Conspiracy ہو رہی ہے، تو میرے خیال میں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں وہ یہ بات نہیں تھی، وہ اور بات تھی، وہ میں نے بھیجا تھا۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: بہر حال جو بھی تھی لیکن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ ہاؤس کا Internal ایک معاملہ تھا میں نے بھیجا تھا۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: بہر حال جو بھی تھا میرا ذہن یہی کہہ رہا تھا کہ اس معاملے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں وہ نہیں تھا، وہ نہیں تھا۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: بہر حال سر ہم پی ایم ایل (این) شروع سے ڈورن حملوں کے خلاف ہیں بلکہ آج اگر آپ دیکھ رہے ہیں، شہباز شریف نے Openly یہ کہا ہے کہ اس بارے میں آپ چین سے اگر کوئی مدد لینا چاہتے ہیں تو چین سے ہم مدد لیں گے لیکن افسوس کی بات ہے کہ آج بشیر بلور صاحب جب کوئی اس قسم کی قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہیں تو سب کے سب یہ آپس میں بٹھا کر مشورہ کر لیتے ہیں کہ یہ قرارداد لانا چاہتے ہیں، افسوس کی بات ہے کہ یہ کریڈٹ لینا چاہتے ہیں کہ ڈرون حملے بند کرنے والے صرف ہم ہیں لیکن میں یہاں پہ ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ پی ایم ایل (این) اور باقی جتنے بھی اپوزیشن والے ہیں، وہ سارے بھی، جتنے بھی ہیں سارے یہی چاہتے ہیں کہ ڈرون حملے بند کریں لیکن افسوس جب انکو ڈکٹیشن مل گئی ہے کہ آپ یہ قرارداد پاس کر کے لے آئیں تو انہوں نے اپوزیشن کو ساتھ ہی نہیں ملایا لیکن بس میں اپنے میڈیا کو بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ اس ڈرون حملے بند کرنے میں ہم اس قرارداد میں شامل ہیں۔Thank you very much, Sir۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: بس دا ستاسو د پارټئ نه اوشو جي۔ اوريږه يو منټ دا دغه اووائی، دا شيرپاؤ والا محمد علی خان۔

جناب محمد علی خان: شکريه سپيکر صاحب۔ زه چه درانی صاحب کوم دغه اوکړو، د هغې مکمل تائيد کومه۔ مونږه ټول د دے، سياسی پارټئ ټولے د دے خلاف دی، اپوزيشن والا، چه کوم دا وحشيانه کار د څو کالو نه راروان دے، د دوئ خو ښه ده نن را بيدار شو، نن را بيدار شو او مونږ د دے مکمل تائيد کوؤ د ډرون حملو بنديدو سره خو دا درخواست هم کوؤ چه دا څه تاسو اوس وايئ، لاتعداد کښے وايئ، دا پکار وه چه دا، ټی وی کښے کوم ستاسو دا ډيبيټ چليږی، هغے کښے هم دا تاسو کسان راځی او دوئ ئے حمايت کوی د دے ډرون حملو، نو پکار ده

چه هلته ئے هم مخالفت کوی، صرف دا نه چه اوس د څه د مجبورو د وجے نه دا پیش کوی خو بهرحال مونږ ئے پوره پوره حمایت کوؤ۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ میاں افتخار حسین صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره شکریه۔ د ټولو نه اول جی زه رښتیا خبره ده چه بشیر خان زمونږ مشر دے او د هغوی نیت ډیر صفا دے چه دا قرار داد ئے پیش کړے دے، زه د اپوزیشن د ورونړو ډیر مشکور یمه چه هغوی ډیر په ښه انداز کښے د خپلو خیالاتو اظهار ئے هم اوکړو او د قرارداد ملګرتیا ئے هم اوکړه، دا هسے هم مطلب دا دے د ټولو شریک شو، د اسمبلئ پراپرټی ده، د ټولو پکښے خپله خپله حصه ده او یقیناً چه ټول عمر مونږ دوئ په اعتماد کښے اغستی وو، دا نن داسے قرارداد وو چه د بشیر خان مطلب دا دے یقینی خیال وو چه خبره به کوم، دوئ به وائی 'او' ، دیکښے داسے څه خبره وه، د مخکښے نه معلوم موقف وو۔ په دے بنیاد باندے زه د اپوزیشن د ملګرو مشکور هم یم چه د خپلو خیالاتو اظهار ئے هم اوکړو او یقیناً چه ډیر د نیک جذباتو اظهار ئے اوکړو، او داسے نه ده، د ډرون اټیک چه کوم دے، مونږ ورسره ډیرے خبرے نورے هم، دا قرارداد مونږ ډیر په ښه طریقه پیش کړے دے چه ټول ملګری پرے متفق شی، دے سره وړاندے وروستو خبرے هم شته۔ مونږ وایو چه ډرون اټیک ټیکنالوجی د پاکستان زمونږ فوج سره Share کړے شی او زمونږ چونکه د ډرون اټیک تاثر دا دے چه بهرنئ دنیا او ملکونه زمونږ په ملک کښ مداخلت کوی، دا یو آزاد مملکت او آزاد قام چرے برداشت کولے نه شی، مونږ د دے خاورے پیداوار یو، د دے بچی یو، چه په دے باندے د هر طرف نه او هر څوک ګزار کوی، مونږ به د هغے مخالفت کوؤ، که هغه د ډرون اټیک په شکل کښے وی او که هغه په بل شکل کښے وی (تالیاں) لهذا زمونږ یو سټینډرډ پالیسی ده، زه وایمه چه بشیر خان زمونږ مشر دے، پکار ده چه د اپوزیشن شکریه ادا کړی چه مونږ سره شریک شو۔ آئنده د پاره چه دغه رنګ خبره راځی نو ټول به په ورورولئ باندے داسے شریکه خبره کوؤ۔ ډیره مهربانی او شکریه۔

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): زه د درانی صاحب او د ټولو ملګرو مشکور یمه۔ درانی صاحب دا داسے خبره وه چه ډرون حملے څنګه چه زمونږ اپوزیشن لیډر هم اووئیل، د مسلم لیګ مشر (ن) والا هم اووئیل، شیرپاؤ مشر هم اووئیل او د (ق) لیګ مشر هم اووئیل چه ما دا، خو داسے خبره ده چه په دے باندے د چا اختلاف وی، زمونږ خو دا خیال وو چه زه به ئے پیش کړمه او دوئ به ټول دا Appreciate کړی خو نه پوهیږم چه دوئ ولے په دے خفه شول؟ زه ورته دا وایم چه دا ډرون حملے چه دی، زما دا ایمان دے او زمونږ د حکومت پالیسی ده، زمونږ د پارټئ پالیسی ده، زمونږ د دواړو د مرکز او د صوبے هم دا پالیسی ده چه مونږ خپله صوبه کښے، مرکز کښے د هیچاInterference نه منو، که هغه امریکه وی که هغه روس وی، که هغه هر یو ملک وی۔ مونږ دا وایو چه دا زمونږ ملک دے او د دے فیصلے به انشاء الله خپله حکومت کوی او په عوامو به کوی، دا نه ده چه مونږ د هغوی خبره او منو، مونږ همیشه د دے مخالفت کړے دے او دا زه تاریخ نه دهراول غواړم چه دا چرته نه روان شوی دی او د چا په وینا شوی دی، چا ورله Permission ورکړے وو، هغه زه خبرے نه کول غواړم چه هغه تاسو ته څه حالات داسے دغه شی۔ زه به خواست اوکړم خپل ملګرو ته چه زمونږ کوشش دا دے چه مونږ دا خپل ملک، خپل بچی بچ کړو او مونږ همیشه دا وئیلی دی چه زمونږ یو آواز دے، دا حکومت دا Terrorism، دا دهشتګردی مونږ نه شو ختمولے کوم وخت پورے چه زمونږ دا ټول ملګری، ټول سیاسی جماعتونه چه هغه پارلیمنټ ته ځی او پارلیمنټ نه بهر دی، چه مونږ یو شو نو هله به دا شے مونږ ایسارولے شو۔ زه به د دوئ شکر ګزار یمه چه دوئ Unanimously دا پاس کړی او دا زمونږ د صوبے د پاره، د ملک د پاره او ما دیکښے دا هم وئیلی دی، ریکویسټ مے کړے دے فیډرل ګورنمنټ ته چه سفیر رااوغواړه، سفیر ته اووایه چه آئنده داسے کار اونه شی او ټیکنالوجی د مونږ ته راکړے شی چه مونږ خپلے فیصلے پخپله اوکړو او هر طریقے سره د دے مخالفت اوکړو۔ ډیره مهربانی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution moved by the honourable Minister may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

(Applauses)

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا نصابی کتب کی نگرانی اور معیاری تعلیم کی پرورش مجریہ 2011 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: The honourable Minister for Elementary and Secondary Education, Khyber Pakhtunkhwa, to please introduce before the House 'the Khyber Pakhtunkhwa Supervision of Curriculum Textbooks and maintenance of standards of Education Bill, 2011'.

Mr. Sardar Hussain (Minster for Elementary & Secondary Education): Thank you, Mr. Speaker. I beg to introduce 'the Khyber Pakhtunkhwa Supervision of Curriculum Textbooks and maintenance of standards of Education Bill, 2011'. Thank you, Sir.

Mr. Speaker: It stands introduced.

## تحریک التواء نمبر 263 پر بحث

Mr. Speaker: Honourable Abdul Akbar Khan, to please start discussion on your adjournment motion No. 263, already admitted for discussion under rule 73 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں آپ کا اور اس ہاؤس کا مشکور ہوں کہ اس دن جو میں نے ایڈجرنمنٹ موشن اس ہاؤس میں پیش کی تھی، اس کو اس ہاؤس نے Unanimously Admit کیا تھا اور آج اس پر ڈسکشن ہے۔ جناب سپیکر، یہ اس ملک کا ایک سب سے بڑا ایشو بن گیا تھا، بلکہ بن گیا ہے کہ جو ہائیر ایجوکیشن ہے، اس کو 18th Amendment کے تحت کنکرنٹ لسٹ چونکہ ختم ہو گیا، اس کو صوبوں کے حوالے کیا گیا اور اس پر ہائر ایجوکیشن کمیشن نے اتنا واویلا شروع کر دیا کہ ان سارے یونیورسٹیز کو اپنے ساتھ ملا لیا، بلکہ یونیورسٹیز کو چھوڑیں جناب سپیکر، ان سٹوڈنٹس کو بھی اپنے ساتھ ملا دیا اور ان سے جلوسیں نکلوا دیں کہ جی، آپ کے سکالر شپ، جو فارن سکالر شپس ہیں وہ ختم ہو جائیں گے، آپ کے سیلیبس ختم ہو جائیں گے اور وہ جلوسوں پہ جلوسیں نکال رہے تھے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ختم ہونے سے یہ سارا جو سسٹم ہے، یہ ساری ایجوکیشن تباہ ہو جائے گی۔ جناب سپیکر، ایک بات حیرانگی کی ہے کہ

جب amendment $18^{th}$ پر ڈیڑھ سال تک ڈسکشن ہوتی رہی تو amendment $18^{th}$ میں اور اس میں ساری سیاسی پارٹیوں کے نمائندے شامل تھے، ساری پولٹیکل پارٹیز کے نمائندے اس میں شامل تھے اور ڈیڑھ سال تک اس پر Deliberation ہوتی رہی اور پھر جب یہ amendment $18^{th}$ اسمبلی میں آئی تو اسمبلی نے بھی اس کو Unanimously پاس کیا۔ پھر جب یہ سینٹ میں آیا تو سینٹ نے بھی اس کو Unanimously پاس کیا۔ اس وقت تو سینٹ میں اور نیشنل اسمبلی میں کسی نے اس کے خلاف آواز نہیں اٹھائی لیکن جناب سپیکر، جب سب کچھ ہو گیا تو اس کے بعد اس کے خلاف آوازیں اٹھنی شروع ہو گئیں۔ اب اگر حکومت اس کو Change بھی کرنا چاہے تو اس کا مطلب ہے کہ حکومت ایک اور Constitutional amendment لائے گی۔ حکومت آج بیسویں آئینی ترمیم لائے گی اس کے بعد اپنے ہی فیصلے کو واپس کرے گی اور آج مجھے خوشی ہے کہ ہمارے ایجوکیشن منسٹر نے جو بل Introduce کیا ، یہ بھی Amendment $18^{th}$ کی وجہ سے ہو گیا کہ 18th Amendment کی وجہ سے سلیبس اور یہ Curriculum آپ کے صوبے کے حوالے ہو گیا۔ جناب سپیکر، اس کا حوالہ دیتے ہوئے میں آپ کا جو پرانا آرٹیکل 124 تھا، اس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر، یہ لیجسلیٹیو پاور کا ڈسٹری بیوشن ہے، اس کا میں آرٹیکل 142 کا جو سب آرٹیکل (b) ہے، اس میں:

"Majlis-e-Shoora (Parliament)], and a Provincial Assembly also, shall have power to make laws with respect to any matter in the Concurrent Legislative List;"

جناب سپیکر، اس وقت جو amendment $18^{th}$ سے پہلے آرٹیکل 142 تھا، اس میں یہ تھا۔ چونکہ اس میں کنکرنٹ لسٹ موجود تھی تو اس میں یہ لکھا گیا تھا کہ کنکرنٹ لسٹ پر لیجسلیشن پراونشل اسمبلیز اور مجلس شوریٰ دونوں اس پر لیجسلیشن کر سکتی ہیں لیکن اس پر ایک Bar لگا دیا گیا، آرٹیکل 143 کے تحت اس میں ہماری صوبائی اسمبلی کے جو پاورز ہیں، اس پر ایک Bar لگا دیا گیا:

"If any provision of an Act of a Provincial Assembly is repugnant to any provision of an Act of [Majlis-e-Shoora (Parliament)] which [Majlis-e-Shoora (Parliament)] is competent to enact, or to any provision of any existing law with respect to any of the matters enumerated in the Concurrent Legislative List, then the Act of [Majlis-e-Shoora (Parliament)], whether"

اب یہ بڑا Important لفظ ہے

"whether passed before or after the Act of the Provincial Assembly, or, as the case may be, the existing law, shall prevail and the Act of the Provincial Assembly shall, to the extent of the repugnancy, be void."

جناب سپیکر، اس میں Bar لگا دیا گیا کہ اگر مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) ایک قانون پاس کرتی ہے اور صوبائی اسمبلی نے اگر اس پارلیمنٹ کے پاس کیے ہوئے قانون سے پہلے کوئی قانون پاس کیا ہے یا بعد میں کیا ہے لیکن اگر وہ اس کے Repugnant، اس کے متضاد ہے تو نیشنل اسمبلی کا، پارلیمنٹ کا جو قانون ہے، وہ رہے گا۔ چونکہ ہائرایجوکیشن کمیشن ایک آرڈیننس اور ایک لاء کے تحت قائم کیا گیا تھا، اس لحاظ سے صوبائی اسمبلی کے پاس کوئی اختیار نہیں کہ وہ اس پر لیجسلیشن کر سکے کیونکہ Already an existing law مجلس شوریٰ اور پارلیمنٹ میں Already ایک لاء موجود تھا تو صوبائی اسمبلی اس پر قانون سازی نہیں کر سکتی تھی اور جناب سپیکر، اب اگر آپ اسی میں، جو کنکرنٹ لسٹ کی بات ہے، اس میں جناب سپیکر اگر آپ آئٹم نمبر 38 پر جائیں تو Curriculum ,Syllabus, Planning, Policy, Centre of excellence and Standard of Education.، یہ ساری چیزیں جو میں نے بیان کیں، یہ کنکرنٹ لیجسلیٹیو لسٹ میں ہیں اور جو میں نے آرٹیکل 143 پڑھا، اس کے مطابق صوبے کے ساتھ اگر مرکز کا قانون ہے تو صوبہ اپنی کوئی قانون سازی نہیں کر سکتا، نہیں کر سکتا اور اگر کر بھی لے تو اس کی کوئی حیثیت نہیں ہوگی۔ چونکہ 18th Amendment سے پہلے کنکرنٹ لسٹ موجود تھا، اس لحاظ سے ہائرایجوکیشن کمیشن کا جو ایکٹ یا قانون ہے، وہ موجود تھا تو ان ساری چیزوں کیلئے وہ کام کرتے تھے اور ہمارے صوبے کے ساتھ کوئی اختیار نہیں تھا لیکن جیسے ہی 18th Amendment آئی تو جناب سپیکر، اس کا جو آرٹیکل 142 ہے، جو نئی 18th amendment کے بعد آیا ہے، چونکہ کنکرنٹ لسٹ ختم ہو گئی، اس میں یہ ہے کہ: Subject to paragraph (b), a Provincial Assembly shall, and Majlis-e-Shoora (Parliament) shall not, یعنی اس میں مرکز پر پابندی لگا دی گئی۔ "Subject to paragraph (b), a Provincial Assembly shall, and Majlis-e-Shoora shall not, have power to make laws with respect to any matter not enumerated in the Federal Legislative List." یعنی فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ میں جو چیزیں نہیں ہیں، اس میں مجلس شوریٰ کا اختیار ختم ہو گیا، اب پارلیمنٹ کا اس میں اختیار ختم ہو گیا، وہ سارے صوبوں کو ٹرانسفر ہو گئے ہیں اور چونکہ کنکرنٹ لسٹ Abolish ہو گئی اسلئے

اب دوسری لسٹ نہیں ہے، صرف ایک لسٹ ہے، فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ، تو فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ میں جو چیزیں ہیں، اس پر مجلس شوریٰ لیجسلیشن کر سکتی ہے اور فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ کے علاوہ جو بھی چیزیں ہیں، اس پر صوبائی اسمبلی کو یہ اختیار Amendment 18th کا کمال ہے اور میں مبارکباد دیتا ہوں ساری پولیٹیکل پارٹیز کو کہ Amendment 18th کو پاس کرنے کے بعد یہ اختیار صوبے کے پاس آیا ہے۔ اب جناب سپیکر، ایک سوال پیدا ہوتا ہے، اب سوال یہ ہے اور یہ لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات آ رہی ہے، چونکہ ابھی تک ہائر ایجوکیشن کمیشن کا جو ایکٹ ہے، وہ موجود ہے اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جو فارن سکالر شپس ہیں یا فارن ٹریننگز ہیں یا اور جو چیزیں ہیں ہائر ایجوکیشن میں، Naturally وہ صوبوں کے بس کی بات نہیں ہے، Naturally صوبے وہ نہیں کر سکتے تو جناب سپیکر، Amendment 18th والوں نے اس طرف بھی نظر رکھا ہے، انہوں نے اس چیز کو بھی نظر انداز نہیں کیا ہے اور میں ابھی جو لسٹ آئی ہے، میں اس کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں جناب سپیکر، کانسٹی ٹیوشن کا جو page 209 ہے، اس کی طرف آپ دیکھیں، 209، یہ فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ ہے، اس میں آپ جناب سپیکر، 16 اور 17 نمبر یہ دونوں آئٹمز ہیں، میں ان کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں-----

<u>جناب سپیکر:</u> یہ ایک منٹ، ایک منٹ۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> سر، یہ فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ کے پارٹ I کی بات کر رہا ہوں۔ یہ 16 کو آپ دیکھ لیں، اس میں کہتے ہیں، یہ سر، فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ میں ہے جس پر صوبائی اسمبلی کا اختیار نہیں ہے، صرف مجلس شوریٰ کا اختیار ہے۔ اس میں ہے:

"Federal agencies and institutes for the following purposes, that is to say, for research, for professional or technical training, or for the promotion of special studies".

<u>جناب سپیکر:</u> یہ پرانے میں ہے؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> نہیں نہیں، نئے میں، نئے میں ہے، Page 209، 209۔

<u>Mr. Speaker:</u> Federal agencies and institutes for the following -----.

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> پارٹ I Page 209 پر 16 آیا ہے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Purposes, that is to say, for research, for professional or technical training, or for the promotion of special studies.

جناب عبدالاکبر خان: ہاں تو اس کا مطلب ہے، ان لوگوں کا، اچھا اس میں پھر جو آپ 17 دیکھیں، اسی میں 17 دیکھیں: "Education as respects Pakistani students in foreign countries and foreign students in Pakistan".

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، تو 16 اور 17 کو چونکہ یہ پہلے لیجسلیٹیو لسٹ میں بھی نہیں تھے، کنکرنٹ لسٹ میں بھی نہیں تھے، اب جناب سپیکر، اس کو فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ کا حصہ بنا دیا گیا، اس کا مطلب ہے کہ جو سکالرشپس ہیں یا فارن ٹریننگ ہے یا جو بھی ہے ہائر ایجوکیشن میں، یہ مرکز نے اپنے ہاتھ میں لے لیا، یہ جو مجلس شوریٰ ہے، اس کے متعلق قانون سازی کر سکتی، مجلس شوریٰ قانون سازی کر سکے گی، صوبائی اسمبلی نہیں کر سکے گی لیکن "چیخ" اس پر نہیں ہے، ان چیخنے والوں کو پتہ ہے کہ یہ دونوں چیزیں ہیں، جو 16 اور 17 آئٹمز ہیں، یہ فیڈرل لیجسلیٹیو لسٹ میں موجود ہیں لیکن جناب سپیکر، وہ اسی کو بہانہ بنا کر سٹوڈنٹس کو اکسا رہے ہیں کہ جی آپ کا سکالرشپ ختم ہو جائے گا، آپ باہر ملکوں میں نہیں جا سکیں گے، ہائر ایجوکیشن ختم ہو جائے گا، ٹیکنیکل ٹریننگ سب کچھ ختم ہو جائے گا، اس لئے وہ اکسا رہے ہیں اور ان کی غرض دوسری ہے جناب سپیکر، ان کا مدعا جو ہے ہائر ایجوکیشن کا، اصلی غرض دوسری ہے، یہ نہیں کہ وہ ان چیزوں سے بے خبر ہیں، یہ نہیں کہ ان کو یہ پتہ نہیں ہے۔ یہ دو چیزیں 16 اور 17 آئٹمز فیڈرل لیجسلیٹو، ان کا بنیادی مقصد پیسے کا ہے جناب سپیکر، ان کا بنیادی مقصد اختیارات کا ہے جناب سپیکر، ان کا مقصد ان یونیورسٹیز پر کنٹرول کا ہے جناب سپیکر، ان کا مقصد ان صوبوں کو اختیارات نہ دینے کا ہے جناب سپیکر۔ اب جناب سپیکر، اس حد تک تو Definitely اب فیڈرل گورنمنٹ، مجلس شوریٰ ایک ایکٹ پاس کرے گی، جو دو چیزیں ہیں ان کیلئے وہ قانون سازی کرے گی، اس کے بعد پھر ہائر ایجوکیشن کمیشن کو Automatically ختم کیا جائے گا لیکن جناب سپیکر، جس طرح میں نے کہا کہ جب ہائر ایجوکیشن کمیشن نہیں تھا، سن 2000ء سے پہلے تو ہائر ایجوکیشن کمیشن نہیں تھا تو کیسے یہ یونیورسٹیاں چل رہی تھیں، کیسے یہ سسٹم چل رہا تھا، کیسے یہ نظام چل رہا تھا؟ یہ ہائر ایجوکیشن کمیشن تو جنرل مشرف نے 01-2000 میں بنایا ہے، اس سے پہلے تو یونیورسٹی گرانٹ کمیشن تھا، اس وقت تو یہ ہائر ایجوکیشن کمیشن نہیں تھا، اس وقت یونیورسٹی گرانٹ کمیشن تھا، چونکہ کنکرنٹ لسٹ اس وقت موجود تھی، اس لئے فیڈرل گورنمنٹ ان کو پیسے دے کر فنڈنگ کرتی تھی، یونیورسٹیز کی فنڈنگ کی جاتی تھی۔ اب جب یہ اختیارات صوبوں کو منتقل ہو رہے ہیں، اب جو یہ مالی اختیارات اور انتظامی اختیارات صوبوں کو منتقل ہو رہے ہیں، آپ جناب سپیکر، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے

چیئرمین ہیں، ہر ایک یونیورسٹی جب بنتی ہے تو یہ صوبائی اسمبلی اس کا ایکٹ پاس کرتی ہے، یہ صوبائی اسمبلی اس کی قانون سازی کرتی ہے لیکن جب آڈٹ کا پیرا آتا ہے تو اس وقت ہمیں کہا جاتا ہے کہ یہ پیسہ ہمیں فیڈرل گورنمنٹ سے ملتا ہے اس لئے یہاں پر آپ کی پی اے سی اس کی Cognizance نہیں دے سکتی اور جب فیڈرل والے پوچھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم تو صوبائی اسمبلی کے قانون کے تحت بنے ہوئے ہیں، تو یہ یونیورسٹیز تو صوبائی اسمبلی کے قانون کے تحت ہیں اس لئے فیڈرل گورنمنٹ کا اس کے ساتھ کوئی اختیار نہیں اور آج ایک سفید ہاتھی بن گیا ہے جناب سپیکر، آج یونیورسٹیز پر پراونشل گورنمنٹ کا کوئی اختیار نہیں، آج یونیورسٹیز میں پراونشل گورنمنٹ کوئی اپوائنٹمنٹ نہیں کر سکتی، آج پراونشل گورنمنٹ ان میں صرف اس حد تک کہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہو جائے تو پراونشل گورنمنٹ کو آواز دی جاتی ہے لیکن اگر یونیورسٹیز میں جو بھی Irregularities ہوتی ہیں، یہ صوبائی اسمبلی بحث تو کر سکتی ہے، کوئی ایکشن نہیں لیا جا سکتا۔ اس amendment 18th کے بعد ہر ایک صوبے میں قائم جو یونیورسٹیز ہیں، ان کے متعلق صوبائی حکومت جو بھی مناسب سمجھتی ہے، وہ کارروائی کرے گی، اب ان کے جو للوپنجو تھے، ان کے اختیارات ختم ہو جائیں گے۔ آج جو وہ گریڈ 20 اور گریڈ 19 ڈائریکٹ اپوائنٹمنٹ خود کروا رہے ہیں، آج جو سارے اختیارات استعمال کر رہے ہیں، اس کے بعد جب یہ صوبے کا Subject آجائے گا اور جب ہائرایجوکیشن کمیشن کی جگہ دوسرا کمیشن یا جو بھی ادارہ بنے گا، جو 16 اور 17 کو Cater کرے گا تو اس کے بعد ان کے اختیارات ختم ہو جائیں گے۔ اس لئے جناب سپیکر، میں ویلکم کرتا ہوں ان لوگوں کو، میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں ان لوگوں، یہ صوبے کا حق تھا، ایجوکیشن اس صوبے کے عوام کا حق تھا اور 18th amendment کے بعد وہ حق اس صوبے کے عوام کو مل گیا۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> جناب سپیکر صاحب، زهٔ ستاسو په وساطت عبدالاکبر خان نه یو تپوس کومه-----

<u>جناب سپیکر:</u> دے باندے کوئ که نه؟ دا ایډمټ دے۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> نه جی، دے باندے ستاسو نه یو رائے اخلمه چه دا مسئله اوس سپریم کورټ کښے ده او Stay هم ده۔ آیا دا صوبائی اسمبلی په دے باندے دے وخت دغه کولے شی جی چه Sub judice ده او هلته په سپریم کورټ کښے

ده او مونږ دلته پرے خبرے کوؤ؟ صرف زۀ خپل، زه د سپیکر صاحب وساطت بانده خپل معلومات کومه ځکه چه دے باندے به سبا مونږ هم وینا کول غواړو چه آیا دا بحث چه دے، چه سپریم کورټ کښے دے دا کیس نو په دے وخت باندے دلته په دے باندے رائے ورکول، او هغے ته انتظار کول پکار دی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، سپریم کورٹ نے اپنا فیصلہ دیا ہے۔جناب سپیکر، جب تک ہائر ایجوکیشن کمیشن کے متبادل۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Enactment والا، عبدالاکبر خان کا مائیک آن کریں، ایک تو وہ Enactment والا اب انہوں نے جو دیا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، میں بتادوں، انہوں نے جو Decision لیا ہے، بہت اچھا فیصلہ کیا ہے اور میرے خیال میں مرکزی حکومت بھی اس پر چل رہی ہے۔ جناب سپیکر، سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے، فیصلہ دیا ہے کہ جب تک ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے متبادل، 18th Amendment کے بعد جو حالات ہوئے ہیں، متبادل کوئی قانون سازی نہیں کرتی اس وقت تک ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا جو لاء ہے، وہ چلتا رہے گا تو وہ فیصلہ دے چکی ہے، اب یہ Sub judice نہیں ہے۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بسم الله کړئ جی۔

قائد حزب اختلاف: زما مطلب دا دے چه آیا که چرته په دے باندے هلته اوس، پکار خو دا وو چه مونږه دا دا انتظامات کړی دی که هغه نه وی شوے چه تر څو پورے د سپریم کورټ په فیصله باندے عمل نه وی شوے، په دے باندے بحث کیدے شی۔ ایډوکیټ جنرل صاحب ناست دے، زما خیال دے که هغه لږ د دے وضاحت اوکړی۔

جناب سپیکر: دا دغه پرے راغلے دے جی، تاسو پرے بحث کولے شئ جی۔ په دے باندے فیصله راغلے ده، تاسو پرے خبره کولے شئ۔ جی میاں صاحب، میاں افتخار صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب، اردو میں بولیں تو میں اس کو Appreciate کرتا ہوں اور حقیقی صورتحال بھی یہی ہے، سپریم کورٹ نے جو فیصلہ دیا ہے وہ ہمارے حق ہی میں دیا ہے۔

لوگ ویسے کنفیوز ہو رہے ہیں، انہوں نے یہی کہا ہے کہ متبادل انتظام ہو تو یہ کام آپ جاری رکھیں، جب تک متبادل انتظام نہیں ہے تو پرانے سسٹم پر چلتا رہے گا۔ اس کیلئے مرکزی حکومت نے فنڈز بھی ریلیز کر دیئے ہیں اور اسی طریقے سے وہ اپنا کام کر بھی رہے ہیں، لہذا میں اپنے طور پر یہ بات آپ لوگوں سے شیئر ضرور کرونگا کہ یہ رضا ربانی صاحب چونکہ وہاں پر کمیٹی کو چیئر کرتے ہیں اور ان کو آڑے ہاتھوں لیا گیا، جو 18th Amendment کے مخالفین ہیں وہ کسی نہ کسی بات کا بتنگڑ بنا کر اس کے راستے میں رکاوٹ بنانا چاہتے ہیں اور اسی بات کو انہوں نے لیکر ایسا ہوا کھڑا کر دیا کہ ایجوکیشن تباہ ہو رہی ہے، حالات تباہ ہو رہے ہیں، ملک تباہ ہو رہا ہے، عجیب سی بات ہے کہ پراونشل اٹانومی مل رہی ہے تو ملک تباہ ہو رہا ہے؟ آئین میں ایک ترمیم ہوئی ہے اور ایک سرکاری ملازم اٹھ کر، کھڑا ہو کر 18th Amendment کے خلاف بولے تو اس سے ملک تباہ ہوتا ہے، اس سے ملک تباہ ہوتا ہے کہ ہم اس پر عمل کر رہے ہیں۔ اب جو 18th Amendment ہو چکی ہے، یہ آئین کا حصہ بن چکی ہے، جو لوگ اس کے خلاف بولے ہیں وہ غیر آئینی طریقے سے بولے ہیں۔ (تالیاں) ہم نے جو بولا ہے وہ آئین کے مطابق بولا ہے، آج بھی جو ہم کچھ بول رہے ہیں، چونکہ امینڈمنٹ ہو چکی ہے اور اس پر مرکز میں انہوں نے جو طریقہ کار اپنایا ہے، بالکل درست اپنایا ہے، اس چیز کے حوالے سے میں یہ بات ضرور کہتا چلوں کہ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں، تنخواہوں کا کچھ اندازہ بھی شاید ان لوگوں کو نہیں ہے کہ کتنی تنخواہیں مل رہی ہیں؟ اب چونکہ ان کو یہ پتہ چل گیا ہے کہ اب آڈٹ کے زمرے میں ہم آسکتے ہیں، اب ہم سے پوچھا جا سکتا ہے کہ اربوں پیسے آئے تو کہاں گئے؟ ان کے ذریعے جو لوگ بھی ملک سے باہر گئے، وہ لوٹ کے واپس نہیں آئے۔ ایک بندے پر ملک کا اربوں روپے خرچ ہوتا ہے، کوئی بھی تو گارنٹی ہو کہ ملک اس کو فارن میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع دیتا ہے، وہ واپس آتا نہیں ہے۔ یہ وہ ایجنسی ہے کہ لوگوں کو باہر بھیجتی ہے یا وہ ہے کہ جو لوگوں کو تعلیم دے؟ لہذا اس کو صحیح راستے پر ڈالنے کیلئے کہ جو ملک کے مفاد میں ہو، لہذا وہاں پر Standard of Higher Education کیلئے جس طرح کے ہمارا جو یونیورسٹی گرانٹ کمیشن تھا، اس طرز پر وہاں پر ایک ادارہ بنے گا جو کہ آئین کی ضرورت ہے، آئین کی ضرورت کے تحت ہم وہاں پر ایک ادارہ بنائیں گے اور اس ادارے کے تحت پھر صوبے کی سطح پر ایک ضرورت ہے، چونکہ صوبے کو جب وہ فنڈز فراہم کرینگے تو صوبے کو اس وقت تک فنڈز فراہم نہیں کیے جا سکتے جب تک ہمارے پاس Autonomous body نہ ہو، لہذا یہاں پر ہم نے اس کیلئے انتظامات بھی کر رکھے ہیں، یہاں پر کمیٹی بھی بنائی گئی ہے اور اس میں ہم نے

وائس چانسلروں کو بھی لیا ہے، پروفیسروں کو بھی لیا ہے لیکن میں ایک خوشی کی بات آپ تمام ساتھیوں کو سناؤں کہ ہمارے صوبے میں اب اختلاف نہیں ہے، ہمارے وائس چانسلروں نے جو سٹینڈ لیا تھا، ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے سب کو بلایا، ہم نے آپس میں مل بیٹھ کر ایک طریقہ کار اپنایا، شاید سارے پاکستان میں کسی بھی صوبے میں ابھی تک کسی طریقہ کار کیلئے انہوں نے اقدامات نہیں اٹھائے، ہمارے صوبے نے اٹھائے ہیں۔ کل ہی میریٹ ہوٹل میں ان کا ایک اجلاس تھا، اسی میں ہمارے صوبے کو Appreciate کیا گیا۔ انہوں نے کہا یہ عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں، لہذا ہم نے یہاں پر ہائر ایجوکیشن کی پراونشل سطح پر ایک Autonomous body بنائیں گے، اس کیلئے ہم نے کمیٹی بنائی ہے، ہم پوری طور پر تیار ہیں اور ہم یہ بات کہنا چاہتے ہیں اور تمام ساتھیوں کو بھی سنانا چاہتے ہیں کہ اس سے ایجوکیشن میں مضبوطی آئے گی، ایجوکیشن پروموٹ ہوگی۔ کسی بھی طور پر، جو باہر تعلیم کرتے ہیں، نہ اس کے راستے میں رکاوٹ ہے اور نہ یونیورسٹیوں کی ترقی میں رکاوٹ ہے، نہ سکالر شپ میں رکاوٹ ہے، اگر رکاوٹ ہے تو ان لوگوں کی مراعات میں ہے جو کہ خود خزانے پر بیٹھ کر لوٹ رہے ہیں اور فارن سے بھی پیسہ آ رہا ہے، ملک سے بھی پیسہ آ رہا ہے، کوئی ان سے حساب کتاب کرنے والا نہیں تھا، لہذا آج حساب کتاب کا وقت آ چکا ہے، آج پاکستان میں $18^{th}$ Amendment کی صورت میں ایک خاموش انقلاب آ چکا ہے۔ اب یہاں پر پاکستان میں چوری چکاری کا جو طریقہ کار ہے، وہ بند ہوگا، یہاں پر انصاف کے تقاضے پورے ہونگے، لہذا $18^{th}$ Amendment کو سپورٹ کیا جائے۔ چند افراد جو بیچ میں رکاوٹ بن رہے ہیں، ان کو ہٹانا چاہیئے، ہم سب سپریم کورٹ کے مشکور ہیں کہ انہوں نے جو گائیڈ لائن دیا، انہوں نے پارلیمنٹ کا فیصلہ منظور کیا ہے، انہوں نے ہماری کمیٹی کا فیصلہ منظور کیا ہے، انہوں نے یہی کہا ہے کہ $18^{th}$ Amendment کی روشنی میں جو باڈی بنانی ہے، وہ باڈی بنائی جائے، لہذا ہم سپریم کورٹ کے اس فیصلے کو Appreciate کرتے ہیں اور ہم اس کمی کو پورا کرینگے کہ جلد از جلد ایک باڈی بنائی جائے اور ہائر ایجوکیشن کمیشن جو مرکز میں ہے اس کو Devolve کیا جائے اور صوبوں کو منتقل کیا جائے۔ ہم اس کو Appreciate بھی کرتے ہیں، حکومتی سطح پر ہم نے تیاری بھی کر رکھی ہے۔ ہم عبدالاکبر صاحب کی تحریک التواء کے مشکور بھی ہیں اور میں ساری اسمبلی سے یہی درخواست کرونگا کہ جس طرح ہمارے وائس چانسلروں نے ملکر وزیر اعلیٰ کی آواز میں آواز ملائی ہے اور صوبائی خود مختاری کیلئے انہوں نے ہمارا ساتھ دیا ہے، ہماری کمیٹی کی ممبر شپ انہوں نے قبول کی ہے، میں صوبے کے وائس چانسلروں کے اس جذبے کو سلام پیش کرتا ہوں، میں پروفیسروں کے

اس جذبے کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے 18th Amendment کو سپورٹ کیا، صوبائی خود مختاری کو سپورٹ کیا، لہذا خیبر پختونخوا میں کوئی بھی اختلاف نہیں ہے اور یہ 18th Amendment ہو کر رہے گی اور اسی پر عمل ہو کر رہے گا اور ہم رضا ربانی صاحب کے ساتھ ہیں، ہم مرکزی حکومت کے ساتھ ہیں، صوبائی خود مختاری کے ساتھ ہیں اور ہماری صوبے کے تمام ممبران سے درخواست ہے کہ اس مسئلے پر ہمیں بھرپور سپورٹ کیا جائے۔ بڑی مہربانی، شکریہ جی۔

جناب سپیکر: شکریہ میاں صاحب۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، پلیز۔

مفتی کفایت اللہ: ما خو جی خبره نه کوله خو میاں صاحب ډیر د روانئ سره خبره او کړه۔ ما وئیل زه هم لږ، بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، جو موضوع زیر بحث ہے، وہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔ تھوڑی سے کنفیوژن ہے، کوئی آدمی اٹھارہویں آئینی ترمیم کا مخالف نہیں ہے، یہ آئین انسانوں کا بنایا ہوا آئین ہے، اس میں غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ آپ کو نہیں معلوم کہ اٹھارہ کے فوراً بعد انیسویں آئینی ترمیم آئے گی اور انیسویں آئینی ترمیم میں ان تمام غلطیوں کا ازالہ کیا گیا۔ یہ ہائر ایجوکیشن کے حوالے سے کہا جا رہا ہے کہ جب وہ آئے گی تو پراونشل اٹانومی بڑھ جائے گی۔ میں تو یہ نہیں سمجھتا کہ پراونشل اٹانومی کے تمام کا تمام تعلق اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ہو گیا، ایسا نہیں ہے، آپ ہمت کریں، شیر بنیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ صوبائی اختیارات لیں، استعمال کریں، انصاف کے ساتھ استعمال کریں، قوم ہم سب کو Judge کر رہی ہے۔ جہاں تک صوبے کے حقوق کی بات کی ہو گی تو ہم اس کا ساتھ دینگے، اس میں کوئی بات نہیں، ایک قدم پیچھے نہیں ایک قدم آگے بڑھیں گے اور اس کا نقد فائدہ حکومت کو ہو گا۔ ہمیں تو مستقبل کی حکومت، پتہ نہیں ہمیں موقع ملتا ہے یا نہیں ملتا لیکن ان کو نقد فائدہ ہم دیں گے لیکن خدا کیلئے ان باتوں میں تعلیم کو ذبح نہ کیا جائے۔ ہائر ایجوکیشن، یہ ایک سٹینڈرڈ ہے اور اس سٹینڈرڈ کو مزید بڑھانے کیلئے آپ کو نہیں اندازہ بین الاقوامی طور پر پاکستان کی ہماری ایک یونیورسٹی اڑسٹھ نمبر پر آتی ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ سڑسٹھ یونیورسٹیاں ہم سے آگے ہیں اور ہم اس کی معیار کو نہیں پہنچے۔ کیا آپ کو نہیں معلوم کہ یہاں نقل کا رجحان زیادہ ہے، کیا آپ کو نہیں معلوم کہ یہاں پر اگر ہمارا اختیار ہو گا تو خدانخواستہ اس کے اندر کوئی اپنا اور پرایا نہیں ہو گا؟ آج ہم خیبر بینک کی بات کر رہے تھے اور ہم بہت زیادہ حیران تھے کہ جہاں جہاں ہمیں اختیار ملا ہے، اس اختیار کا ٹھیک استعمال تو نہیں ہوا۔ ہائر ایجوکیشن کی معیار کو بڑھانے کیلئے، ہائر ایجوکیشن کی معیار کو بڑھانے کیلئے صوبہ خیبر پختونخواہ کے اندر Talent کو میں مانتا ہوں لیکن یہ

کیا قباحت ہے کہ اگر پڑھانے والا استاد کراچی سے آجائے اور اس میں کام کرنے والا استاد حیدرآباد سے آجائے اور زیادہ کوالیفائڈ آدمی آجائے، جب آپ اس کو Circulate کریں گے اور جب اس کو آپ محدود کریں گے تو معاف کیجئے باہر کا استاد آپ کے پاس نہیں آئے گا۔ آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس کا تعلیمی معیار بہتر ہو جائے گا، مجھے وہ اعداد و شمار بتائے جائیں کہ تعلیمی معیار کس طرح بہتر ہوتا ہے؟ آپ معاف کیجئے ہم اتنے مہذب نہیں ہیں کہ ہم یونیورسٹیوں کو یونیورسٹی کے طریقے پر چلنے دیں، ہم تو اپنا اختیار مانگتے ہیں اور اختیار کے بعد پھر اس کو ہم بغل بچہ نہیں بناتے۔ کیا ہمیں اپنے سابقہ تمام حالات کا اندازہ نہیں ہے؟ اگر اٹھارہویں آئینی ترمیم میں یہ اختیار صوبے کو منتقل ہو گیا ہے، Well and good، یہ اچھی بات ہے لیکن اگر اس کے ایک ڈھانچے کو معیار کو برقرار رکھنے کیلئے اور تمام صوبوں میں معیار کی یکسانیت کیلئے اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کیلئے اگر ایک ڈھانچے کو مرکز میں رکھ لیا جائے اور اس کیلئے بھی آئینی ترمیم کی جائے تو پھر یہ کونسی بات ہوئی کہ آپ کی بات آئین کے مطابق اور ہماری بات آئین کے مطابق نہیں ہے؟ جناب سپیکر، ہمیں تو تعلیم سے محبت کرنی چاہیئے، ہمیں اس بچے سے محبت کرنی چاہیئے جو بچہ آکر پڑھتا ہے، معاف کیجئے یونیورسٹی میں وائس چانسلر وی آئی پی نہیں ہے، وہاں کا Dean وی آئی پی نہیں ہے، گورنر وی آئی پی نہیں ہے، وہاں کا کوئی اور پروفیسر وی آئی پی نہیں ہے، وی آئی پی تو وہ بچارہ غریب بچہ جو پڑھنے کیلئے آتا ہے، اس کے مستقبل کا کیا ہوگا؟ اس کا تو کوئی نہیں سوچ رہا، اس پر سوچنے کیلئے یہ کوئی بات نہیں کہ اب ہم آئین کے خلاف بول رہے ہیں۔ ہم ایک قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں، اس پوزیشن میں قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں کہ مرکز سے کہیں کہ جہاں اٹھارہویں آئینی ترمیم میں مزید کمزوریاں رہ گئی ہیں، اس میں ہائیر ایجوکیشن کیلئے بھی کوئی ایسا راستہ اختیار کیا جائے کہ ہمارا معیار نہ گر جائے۔ آپ پچھلے دور پہ دیکھیں کہ ہمارے پاس کتنی یونیورسٹیاں ہیں، اس میں کتنا اضافہ ہوتا ہے۔ پنجاب میں کتنی یونیورسٹیاں ہیں، سندھ کے اندر کتنی یونیورسٹیاں ہیں؟ اگر ہماری یونیورسٹیاں اس قابل تھیں، پھر آغا خان فاونڈیشن کو کیوں منگوایا گیا اور اس کے ذریعے تعلیم کو اس کی ترقی کا ذریعہ کیوں بتایا گیا؟ جناب سپیکر، ہمیں اس پر خوش نہیں ہونا چاہیئے کہ اختیار مجھے مل جائے گا، وائس چانسلر میں تبدیل کروں گا، پروفیسر وہاں میں لگالونگا، میرے کہنے پر Dean لگ جائے گا۔ یہ میرے ذاتی اغراض و مقاصد ہیں اور یہ میرے عارضی اغراض و مقاصد ہیں، مکمل اغراض کیلئے، بڑے فائدے کیلئے چھوٹے فائدوں کو قربان کیا جاتا ہے اور آج میرے خیال میں یہ موقع آگیا ہے کہ ہم سنجیدگی سے اس کا نوٹس لیں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟ ہائر ایجوکیشن کا ایک شعبہ

خیبر پختونخواہ کے اندر ہوگا، ہائر ایجوکیشن کا ایک شعبہ بلوچستان میں ہوگا، اس کا ایک شعبہ پنجاب اور سندھ میں ہوگا، ان کے درمیاں یکسانیت کیسی ہو گی؟ ایک ہی ملک کا ایک بچہ بہت اچھی طرح کوالیفائڈ ہوگا اور اسی ملک کا دوسری یونیورسٹی سے فارغ بچہ وہ اچھی طرح کوالیفائڈ نہیں ہوگا۔ آج بھی میں کہتا ہوں آپ اپنے پی ایچ ڈی کے ریکارڈ کو دیکھیں، آج میں یہ دیکھتا ہوں کہ آپ کے اتنے سالوں میں کتنی یونیورسٹیوں نے کتنے پی ایچ ڈی تیار کیے ہیں اور آپ کے مقابلے میں فیڈرل میں کتنے ہیں، پنجاب میں کتنے ہیں؟ جب آپ اعداد و شمار کا توازن، تقابل کریں گے تو آپ کو احساس ہو جائے گا کہ ہم اس مد کے اندر بہت پیچھے ہیں۔ ہم نے ایجوکیشن کی گاڑی کو پیچھے نہیں کرنا، اس کو آگے کرنا ہے۔ کوئی وہ تجویز جو میری مخالف ہے، کوئی وہ تجویز جو مجھے میٹھی نہیں لگتی، کوئی وہ تجویز جو میرے مناسب نہیں ہے، مجھے اس تجویز کا سامنا کرنا ہوگا، اسے قبول کرنا ہوگا جو میرے بچے کی تعلیم کیلئے آگئی، اس کے مستقبل کیلئے مناسب ہے۔ میرا بچہ میرا مستقبل ہے، قوم جب نقل نہیں کرتی، عقل سے کام لیتی ہے، تعلیم یافتہ ہوتی ہے، وہ باوقار قوم بن جاتی ہے، مضبوط قوم بن جاتی ہے اور جب قوم کے اندر Talent نہیں ہوتی تو جناب سپیکر، مجھے معاف کیجئے وہ دیگر قوموں کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ آج تو ہم کسی کو دیکھ کر اپنی ترجیحات کو تبدیل کر لیتے ہیں، اپنی ترجیحات بھی ان سے پوچھتے ہیں، میرا خیال ہے یہ تمام اس بات کی دلیل ہے کہ ہم نے Talent کو کبھی بھی توجہ نہیں دی، فوکس نہیں کیا۔ میری پہلی ترجیح تعلیم ہے، میری دوسری ترجیح تعلیم ہے اور میری تیسری ترجیح تعلیم ہے۔ معاف کیجئے تعلیم پر کسی قسم کا Compromise نہیں ہو سکتا، لہذا برائے مہربانی اس کو اکثریت کے بلڈوزر سے بلڈوز نہ کیا جائے۔ برائے مہربانی اس مسئلے کو مزید گنجلک نہ کیا جائے، اس کو پیچیدہ نہ کیا جائے۔ اس کو خیبر پختونخواہ کی متفقہ آواز بنانے کیلئے اس کے اندر ہمارے Recommendation کا بھی خیال رکھا جائے اور اگر انشاء اللہ ہماری Recommendation کا خیال رکھا جائے گا تو نقصان نہیں ہوگا، فائدہ ہو جائے گا۔ جناب سپیکر، آپ نے مجھے ایک موقع دیا، میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، رات کے بارہ بجے کے بعد کی تھی۔

جناب سپیکر: ہں جی؟

جناب عبدالاکبر خان: کفایت صاحب نے کہا رات کو بارہ بجے کی بعد کی تھی۔

جناب سپیکر: (ہنسی) جی انور خان صاحب، محمد انور خان صاحب۔
محترمہ زرقا بی بی: سپیکر صاحب، ایک بات کرنی ہے۔
جناب سپیکر: ایک منٹ، اپنے نمبر پہ، آپ تو ابھی اٹھی ہیں، وہ دو گھنٹے سے چٹ بھیج رہا ہے۔ ایک طریقہ ہوتا ہے نا، پہلے سے چھوٹا سا سلپ بھیجا کریں۔ جی، انور خان صاحب۔
جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: ډیره مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ مفتی کفایت الله صاحب خبره کوله جی، زه خو حیران په دے یمه جی چه د ملک په تاریخ کښے که یو ځل یو ډیر زیات ښه کار شوے دے نو هغه اټهارهویں ترمیم وو او په هغه اټهارهویں ترمیم کښے چه کوم کسان نن د دے مخالفت کوی، هغه ټول کسان په دغه وخت کښے په دے میټنگز کښے ناست وو او دا د ملک د تاریخ یو حصه ده او دا یو حقیقت دے چه د دے د پاره جی Ninety seven دی که څو اجلاسونه شوی دی او د مفتی صاحب پارټی باقاعده په دغه ترمیمونو کښے ناسته ده۔ دے یو یو پوائنټ ته دستخط شوے دے، باقاعده په دے باندے میټنګز شوے دی او دا حق ئے د صوبو تسلیم کړے دے۔ نن جی که څوک دا خبره کوی چه صوبے به دا ایجوکیشن اونه چلوی، زما په خیال دا خو دا خبره ده چه زمونږ د قوم توهین دے، دا زمونږ د دے صوبے توهین دے۔ په پښتنو کښے چه کوم Talent دے جی، زه دا په دعویٰ سره وایمه چه د ټولو قومونو نه زیات Talent د دے صوبه سرحد د پښتنو سره دے، خیبر پختونخوا په پښتنو کښے دے او که دا یو ښه کار شوے دے، په تاریخ کښے یو ښه کار شوے دے، د هغے مخالفت نن هغه خلق کوی، نن دا خبره چه ټولو له څومره سکالر شپس راغلی دی، اوس به دا خبره پاکیږی چه په دیکښے خیبر پختونخوا ته څو سکالر شپس ملاؤ شوی دی، نورو ته څومره د بهر نه فنډنګ شوے دے؟ دا خبره به پوائنټ آؤټ کیږی چه یره خیبر پختونخوا ته پکښے څومره فنډ ملاو شوے دے؟ مونږ که دلته څومره بهر ته خلق په دغه باندے تلی دی، څوک څوک تلی دی، چا فیصلے کړی دی، صرف دا خبره ده چا چه شور مچاؤ کړے دے، څنګه چه میاں صاحب وئیل باقاعده زمونږ یونیورسټئ جی، زمونږ وائس چانسلران په دے خبره متفق دی او مونږه په دعویٰ سره دا خبره کوؤ چه په پښتنو کښے کوم Talent دے، دا په چا کښے نشته دے او انشاءالله و تعالیٰ جی، دا د اسټبلشمنټ یو پروپیګنډا ده او د دے نه مخکښے

مشرقی پاکستان کښے چه کومه سانحه راغلے وه، دغه شان خبرے به کیدے چه که مشرقی پاکستان، دا کار شی نو دوئ دا کار نه شی کولے، هغوی ته به خپل حقوق نه ملاویدل۔ ٹھیک ٹھاک جی یو زبردسته فیصله شوے ده پراونشل اٹانومی ملاؤ شوے ده۔ زمونږ دا موجوده څومره سیاسی قیادت په دیکښے شامل دے، په هغے کښے ٹھیک ٹھاک جے یو آئی والا هم شامل دی جی، هغوی په دیکښے کښیناستلی دی او دوئ یو ښه کار کړے دے۔ اوس په دے ښه کار باندے دوئ بیرته پښیمانه دی نو زما خو دا خبره د سمجھ نه بالا تر ده۔ مفتی صاحب! داسے څه خبره نشته، تاسو په دیکښے شامل وئ او که دا کار ښه نه وو نو تاسو هغه وخت کښے څه له منلے دے؟ تاسو په دے ترمیم کښے باقاعده په میټنگز کښے کښیناستلی یئ، د دے ترمیم برخه یئ نو زما خیال دا دے جی، دا یو ښه کار شوے دے او په دے باندے مونږ باقاعده سټینډ هم اغستے دے، مونږ په هر فورم باندے دا خبره کوؤ چه تعلیم زمونږ حق دے او د پښتنو بچی به څه قسم تعلیم کوی، هغے باندے د پښتنو مشران پوهیږی۔ تاسو اوګورئ جی، څومره قابلان خلق چه دے دا خو تاریخ ګواه دے، زمونږ د خیبر پختونخوا خلق په آرمی که ګورئ په Politicians کښے ګورئ، په پبلک سروس کمیشن کښے ګورئ، مونږ هر یو ځائے کښے پوزیشن اغستے دے، زمونږ Talent شته دے، مونږ په دے باندے فخر کوؤ او انشاءالله و تعالیٰ مونږ به دا ثابت کوؤ چه مونږه به دا ایجوکیشن ډیپارټمنټ د مخکښے نه ډیر زیات ښه چلوؤ۔ تهینک یو، سر۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ نماز کا وقت قضاء ہورہا ہے، آپ سے، ہاؤس سے ایک بات پوچھنی ہے کہ اس پہ ڈسکشن، اس پہ ڈسکشن اگر آپ پورا کرنا چاہتے ہیں تو کل کیلئے اس کو رکھ لیں تو بہتر ہوگا۔

آوازیں: جی، کل کیلئے رکھ لیں۔

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 10:00 am of tomorrow morning.

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ 19 اپریل 2011 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)